5276CH04

# 4 ساجھے داری فرم کی تشکیل نو — ساجھے دار کی سبکدوشی/موت

**سیکھنے کے مقاصد**

**اس باب کے مطالعہ کے بعد آپ اس قابل ہوجائیں گے کہ:**

- ساجھے دار کی سبکدوشی/موت کے بعد باقی بچے ساجھے داروں کا نیا تناسب تقسیم منافع اور فائدے کا تناسب شمار کرسکیں۔
- ساجھے دار کی سبکدوشی/ موت کی صورت میں ساکھ کے تصفیہ کے لیے کھاتہ داری عمل آوری کی وضاحت کرسکیں۔
- اثاثوں اور ذمہ داریوں کی ازسرنو قدراندازی کے لیے ساجھے داری عمل آوری کی وضاحت کرسکیں۔
- غیر مندرج اثاثوں اور ذمہ داریوں کے ضمن میں ضروری اندراجات کرسکیں۔
- جمع شدہ منافعوں اور نقصانات کے لیے ضسروری تسویہ کرسکیں۔
- فرم سے سبکدوش ہوئے یا مرحوم ساجھے دار کا مطالبہ معلوم کرسکیں اور اس کے نبٹارے کے طریقہ کی وضاحت کرسکیں۔
- اگر مطلوب ہو تو سبکدوش ہوئے ساجھے دار کا قرض کھاتہ تیار کرسکیں اور
- ساجھے دار کی موت کی صورت میں مرحوم ساجھے دار کے وصی (ایگزی کیوٹر) کا کھاتہ تیار کرسکیں اور ازسرنو تشکیل شدہ فرم کی بیلنس شیٹ تیار کرسکیں۔

آپ پڑھ چکے ہیں کہ ساجھے دار کی سبکدوشی یا موت کی صورت میں بھی ساجھے داری فرم کی تشکیل نو کی جاتی ہے۔ساجھے دار کی سبکدوشی یا موت پر موجودہ ساجھے داری نامہ ختم ہوجاتا ہے اوراس کی جگہ نئے ساجھاداری نامہ کی تدوین کی ضرورت ہوتی ہے جس کے ذریعہ بقیہ ساجھے دار تبدیل شدہ شرائط اور حالات پر اپنے کاروبار کو جاری رکھتے ہیں۔ساجھے دار کی سبکدوشی کے وقت یا موت کی صورت میں کی جانے والی کھاتہ داری عمل آوری کے درمیان زیادہ فرق نہیں ہے۔دونوں ہی صورتوں میں، ساکھ، اثاثوں اور ذمہ داریوں کی ازسرنو قدراندازی، جمع شدہ نفع اور نقصان کے تبادلے سے متعلق ضروری تسویات کرنے کے بعد، ہمیں سبکدوش ہوئے ساجھے کو واجب الادا رقم (سبکدوشی کی صورت میں) کا تعین کرنا پڑتا ہے۔ نیز، ہمیں بقیہ ساجھے داروں کے درمیان نئے تناسب تقسیم منافع اور ان کے فایدے کے تناسب کا شمار بھی کرنا پڑسکتا ہے۔ اس باب میں یہ تمام پہلو تفصیل سے بیان کیے گئے ہیں۔

## 4.1 سبکدوش ہوئے/مرحوم ساجھے دار کو واجب الادا رقم کی تحقیق

سبدکوش ہوئے ساجھے دار کو (سبکدوشی کی صورت میں) اور ساجھے دار کے قانونی نمائندے یا وصی کو (ساجھے داری موت کی صورت میں) واجب الادا

© NCERT Not to be Republished

رقم حسب ذیل پر مشتمل ہوتی ہے۔

(i) اس کے سرمایہ کھاتے کی جمع باقی (کریڈٹ بیلنس)

(ii) اس کے چالو کھاتے کی جمع باقی (کریڈٹ بیلنس)

(iii) اس کے حصہ کی ساکھ

(iv) جمع شدہ منافع (ریزرو) میں اس کا حصہ

(v) اثاثوں اور ذمہ داریوں کی ازسرنو قدر اندازی کے فائدے میں اس کا حصہ

(vi) موت/سبکدوشی کی تاریخ تک نفع و نقصان میں اس کا حصہ

(vii) موت/سبکدوشی کی تاریخ تک اس کے سرمائے پر سود

(viii) موت/سبکدوشی کی تاریخ تک اس کو واجب الادا تنخواہ/کمیشن

درج ذیل وضعات اگر ہوں تو اس کے حصہ سے کم کر لی جاتی ہیں۔

(i) اس کے چالو کھاتہ کا نام بقایا (ڈیبٹ بیلنس)

(ii) اگر ضروری ہو، تو اس کے حصہ کی ساکھ خارج کی جائے گی

(iii) جمع شدہ نقصانات میں اس کا حصہ

(iv) اثاثوں اور ذمہ داریوں کی ازسرنو قدر اندازی پر نقصان میں اس کا حصہ

(v) تاوقت سبکدوشی/موت نقصانات میں اس کا حصہ؛

(vi) تاوقت سبکدوشی/موت اس کی نکالی ہوئی رقوم؛

(vii) تاوقت سبکدوشی/موت اس کی نکالی ہوئی رقوم پر سود؛

اس طرح، شمولیت کی صورت حال کے مانند، ساجھے دار کی موت یا سبکدوشی میں شامل مختلف کھاتہ داری پہلو حسب ذیل ہیں:

1۔ نئے تناسب تقسیم منافع اور فائدے کے تناسب کا پتا لگانا

2۔ ساکھ کا تصفیہ

3۔ اثاثوں اور ذمہ داریوں کی ازسرنو قدر اندازی

4۔ غیر مندرج اثاثوں اور ذمہ داریوں کے ضمن میں تسویہ

© NCERT Not to be Republished

5۔ جمع شدہ منافعوں اور نقصانات کی تقسیم

6۔ موت/سبکدوشی کی تاریخ تک نفع ونقصان کے حصہ کو معلوم کرنا۔

7۔ سرمایے کا تسویہ

8۔ سبکدوش ہوئے/مرحوم ساجھے دار کو واجب الادا رقوم کا نپٹارا

## 4.2 نیا تناسب تقسیم منافع

نیا تناسب تقسیم منافع وہ تناسب ہے جس میں کسی ساجھے دار کی سبکدوشی یا موت کے بعد بقیہ ساجھے دار مستقبل کے منافع کو تقسیم کریں گے۔ بقیہ ساجھے داروں میں سے ہر ایک کا حصہ فرم میں اس کے اپنے حصہ نیز اس حصہ پر مشتمل ہوگا جو کہ وہ سبکدوش ہوئے/موحوم ساجھے دار سے حاصل کرتا ہے۔

حسب ذیل صورتوں پر غور کیجیے:

(a) عموماً، کاروبار کو آگے جاری رکھنے والے شرکاء سبکدوش ہوئے/مرحوم ساجھے دار کا حصہ پرانے تناسب تقسیم منافع میں حاصل کرتے ہیں اور ان کے درمیان نئے تناسب تقسیم منافع کو شمار کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ درحقیقت ایسی کسی معلومات کی غیر موجودگی میں جس سے پتا چلتا ہو کہ بقیہ ساجھے دار کسی تناسب میں سبکدوش کے پرانے تناسب میں حاصل کریں گے اور اس طرح مستقبل کے منافع کو بھی پرانے تناسب میں حاصل کریں گے۔ مثال کے طور پر، آشا، دیپتی اور نیشا 3:2:1 کے تناسب سے ایک فرم کے نفع ونقصان میں حصہ دار ہیں۔ اگر دیپتی سبکدوش ہوجاتی ہے تو جب تک کسی دوسری صورت کا فیصلہ نہیں ہوجاتا، آشا اور نیشا کے مابین نیا تناسب تقسیم منافع 3:1 ہوگا۔

(b) کاروبارے کو جاری رکھنے والے شرکاء سبکدوش ہوئے/مرحوم ساجھے دار کے منافع میں حصہ اپنے پرانے تناسب کے علاوہ بھی کسی دوسرے تناسب میں حاصل کرسکتے ہیں۔ ایسی صورت میں ان کے درمیان نئے تناسب تقسیم منافع کو شمار کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اور یہ تناسب ان کے اپنے حصہ اور سبکدوش ہوئے/مرحوم ساجھے دار سے حاصل شدہ حصہ کے کل میزان کے برابر ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر، نوین، سریش اور ترون 5:3:2 کے تناسب سے نفع ونقصان میں حصہ دار ہیں۔ سریش فرم سے سبکدوش ہوجاتا ہے اور اس کا حصہ نوین اور ترون کے ذریعہ 2:1 کے تناسب میں حاصل کیا جاتا ہے۔ ایسی صورت میں، نئے تناسب تقسیم منافع کا شمار حسب ذیل طرح سے ہوگا۔

© NCERT Not to be Republished

باقی ماندہ ساجھے دار کا نیا حصہ = پرانا حصہ+فرم سے رخصت ہونے والے ساجھے دار سے وصول ہوا حصہ

فائدہ کا تناسب = 2:1

نوین کے ذریعے وصول کیا گیا حصہ = $\frac{3}{10}$ کا $\frac{2}{3}$

$= \frac{2}{3} \times \frac{3}{10} = \frac{2}{10}$

ترون کے ذریعے وصول کیا گیا حصہ = $\frac{1}{3}$ کا $\frac{3}{10}$

$= \frac{1}{3} \times \frac{3}{10} = \frac{1}{10}$

اس طرح نوین اور ترون کا نیا تناسب تقسیم منافع ہوگا = 7:3

(c) کاروبار کو جاری رکھنے والے شرکا ایک مخصوص نئے تناسب تقسیم منافع پر متفق ہو سکتے ہیں؛ ایسی صورت میں اس طرح کیا گیا تناسب ہی نیا تناسب تقسیم منافع ہوگا۔

## 4.3 فائدے کا تناسب

وہ تناسب جس پر باقی ماندہ ساجھے دار، رخصت ہونے والے ساجھے دار کے حصہ منافع کو تقسیم کرنے کا فیصلہ کریں، فائدے کا تناسب کہلاتا ہے۔عموما باقی ماندہ ساجھے دار اپنے پرانے تناسب تقسیم منافع میں سبکدوش ہوئے/مرحوم ساجھے دار کا حصہ وصول کرتے ہیں۔ایسی صورت میں، باقی ماندہ ساجھے داروں کا فائدے کا تناسب ان کے درمیان کے پرانے تناسب تقسیم منافع جیسا ہوتا ہے اور اس طرح فائدے کے تناسب کو شمار کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ بصورت دیگر، وہ تناسب جس میں باقی ماندہ ساجھے دار سبکدوش ہوئے/مرحوم شراکت کا حصہ وصول کریں گے مذکور ہوتا ہے۔اور اس صورت میں بھی، فائدے کے تناسب کو شمار کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی کیونکہ یہ وہی تناسب ہوگا جس میں انھوں نے سبکدوش ہوئے/مرحوم ساجھے دار کا حصہ وصل کیا ہے۔ فائدے کے تناسب کو شمار کرنے کا مسئلہ بنیادی طور پر اس وقت پیدا ہوتا ہے جب کہ باقی ماندہ ساجھے داروں کا نیا تناسب تقسیم منافع مذکور ہوتا ہے۔ایسی صورت حال میں، فائدے کے تناسب کا شمار ہر باقی ماندہ ساجھے دار کے پرانے تناسب کو اس کے نئے تناسب میں سے گھٹا کر کیا جاتا ہے۔مثال کے طور پر امیت، دنیش اور گگن 2:3:5 کے تناسب سے نفع ونقصان میں حصہ دار ہیں۔

دنیش سبکدوش ہوتا ہے۔امیت اور گگن نئی فرم کے نفع ونقصان کو 2:3 کے تناسب میں تقسیم کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں۔فائدے کے تناسب درج کو ذیل طریقے سے شمار کیا جائے گا:

© NCERT Not to be Republished

امیت کے فائدے کا تناسب = $\frac{3}{5} - \frac{5}{10} = \frac{6-5}{10} = \frac{1}{10}$

گگن کے فائدے کا تناسب = $\frac{2}{5} - \frac{2}{10} = \frac{4-2}{10} = \frac{2}{10}$

اس طرح، امیت اور گگن کے فائدے کا تناسب 1:2

اس سے مراد یہ ہے کہ دنیش کے حصہ منافع سے امیت 1/3 فایدہ اور گگن 2/3 فایدہ حاصل کرتا ہے۔

**باقی ماندہ ساجھے دار کے فائدے کا حصہ = نیا حصہ - پرانا حصہ**

**اسے خود کیجیے**

ایثاری تناسب اور فائدے کے تناسب کے درمیان فرق

1۔ مفہوم

2۔ ساجھے دار

3۔ حساب لگانے کا طریقہ

4۔ حساب کب لگایا جائے

## مثال 1

مدھو، نیہا اور ٹینا 5:3:2 کے تناسب سے نفع ونقصان میں حصہ دار ہیں۔ نئے تناسب تقسیم منافع اور فائدے کے تناسب کا شمار کیجیے اگر:

1۔ مدھو سبکدوش ہو جائے۔

2۔ نیہا سبکدوش ہو جائے۔

3۔ ٹینا سبکدوش ہو جائے۔

## حل:

مدھو؛ نیہا اور ٹینا کے درمیان مذکورہ پرانا تناسب ہے 5:3:2

1۔ اگر مدھو سبکدوش ہوتی ہے تو نیہا اور ٹینا کے مابین نیا تناسب تقسیم منافع ہوگا۔

نیہا: ٹینا = 3:2 اور نیہا اور ٹینا کا فائدے کا تناسب = 3:2

2۔ اگر نیہا سبکدوش ہوتی ہے تو مدھو اور ٹینا کے مابین نیا تناسب تقسیم منافع ہوگا

مدھو: ٹینا = 5:2

مدھو اور ٹینا کے فائدے کا تناسب = 5:3

3۔ اگر ٹینا سبک دوش ہوتی ہے تو مدھو اور ٹینا کے مابین نیا تناسب تقسیم منافع ہوگا

مدھو: نیہا = 5:3

مدھو اور نیہا کے فائدے کا تناسب = 5:3

© NCERT Not to be Republished

مدھواور ٹینا کے فائدے کا تناسب=5:3

3۔ اگر ٹینا سبک دوش ہوتی ہے تو مدھواور ٹینا کے مابین نیا تناسب تقسیم منافع ہوگا

مدھو: نیہا=5:3

مدھواور نیہا کے فائدے کا تناسب=5:3

## مثال2

الکا، ہرپریت اور شریہ 3:2:1 کے تناسب سے نفع ونقصان میں حصہ دار ہیں۔الکا سبکدوش ہوتی ہے اور اس کا حصہ ہرپریت اور شریہ کے ذریعہ 3:2 کے تناسب میں لیا جاتا ہے۔نئے تناسب تقسیم منافع کا شمار کیجیے۔

**حل:**

ہرپریت اور شریہ کا مذکورہ فائدے کا تناسب=3:2 = $\frac{3}{5} : \frac{2}{5}$

الکا، ہرپریت اور شریہ کے درمیان پرانا تناسب تقسیم منافع 3:2:1=

ہرپریت کے ذریعے وصول کیا گیا حصہ = $\frac{3}{5}$ کا $\frac{3}{6}$ =

شریہ کے ذریعہ وصول کیا گیا حصہ = $\frac{2}{5}$ کا $\frac{3}{6}$ =

نیا حصہ = پرانا حصہ+ وصول شدہ حصہ

ہرپریت کا نیا حصہ = $\frac{9}{30} + \frac{2}{6} = \frac{19}{30}$

شریہ کا نیا حصہ = $\frac{6}{30} + \frac{1}{6} = \frac{11}{30}$

شریہ اور ہرپریت کا نیا تناسب تقسیم منافع = 19:11

## مثال3

مرلی،نوین اور اوم پرکاش $\frac{3}{8}$ ، $\frac{1}{2}$ اور $\frac{1}{8}$ کے تناسب سے نفع ونقصان میں حصہ دار ہیں۔مرلی سبکدوشی اختیار کرتا ہے اور نوین کے حق میں اپنے حصہ کے 2/3 سے اور اوم پرکاش کے حق میں باقی ماندہ حصے سے دستبردار ہوتا ہے۔باقی ماندہ شراکت داروں کا نیا تناسب تقسیم منافع اور فائدے کا تناسب شمار کیجیے۔

© NCERT Not to be Republished

## حل:

| | نوین | اوم پرکاش |
|---|---|---|
| (i) پرانہ حصہ | | $\frac{1}{8}$ |
| (ii) مرلی سے نوین اور اوم پرکاش کے ذریعے وصول کیا گیا = | $\frac{3}{8}$ کا $\frac{2}{3} = \frac{2}{8}$ | $\frac{3}{8}$ کا $\frac{1}{3} = \frac{1}{8}$ |
| (iii) نیا حصہ = (i) + (ii) = | $\frac{1}{2}+\frac{2}{8}$ | $\frac{1}{8}+\frac{1}{8}$ |
| = | $\frac{3}{4}$ یا $\frac{6}{8}$ | $\frac{1}{4}$ یا $\frac{2}{8}$ |

اس طرح، نیا تناسب تقسیم منافع $= \frac{3}{4} : \frac{1}{4}$ یا 3:1، اور

فائدے کا تناسب $= \frac{2}{8} : \frac{1}{8}$ یا 2:1 (جیسا کہ (ii) میں حساب لگایا گیا ہے)

© NCERT Not to be Republished

## مثال 4

کمار، لکشیہ، منوج اور نریش 3:2:1:4 کے تناسب سے نفع ونقصان میں حصے دار ہیں۔ کمار فرم سے سبکدوش ہوتا ہے اور اس کے حصے کو لکشیہ اور منوج 3:2 کے تناسب میں وصول کرتے ہیں۔ باقی ماندہ شراکت داروں کا نیا تناسب تقسیم منافع اور فائدے کا تناسب شمار کیجیے۔

## حل:

| | لکشیہ | منوج | نریش |
|---|---|---|---|
| (i) پرانا حصہ | $\frac{2}{10}$ | $\frac{1}{10}$ | $\frac{4}{10}$ |
| (ii) کمار سے وصول کیا ہوا حصہ | $\frac{3}{10}$ کا $\frac{3}{5}$ | $\frac{3}{10}$ کا $\frac{2}{5}$ | کچھ نہیں |
| | $= \frac{9}{50}$ | $= \frac{6}{50}$ | کچھ نہیں |
| (iii) نیا حصہ = (i) = (ii) | | $\frac{1}{10}+\frac{6}{50}$ | $= \frac{4}{10}$ + کچھ نہیں |
| | $= \frac{19}{50}$ | $= \frac{11}{50}$ | $= \frac{20}{50}$ |

تقسیم منافع کا نیا تناسب 19:11:20 ہے۔

فائدے کا تناسب 3:2:0 ہے۔

نوٹس: 1۔ چوں کہ لکشیہ اور منوج، کمار کے حصہ منافع کو 3:2 کے تناسب میں حاصل کررہے ہیں لہٰذا لکشیہ اور منوج کے مابین فائدے کا تناسب 3:2 ہوگا۔

2۔ نریش نہ تو کچھ ایثار کرتا ہے اور نہ ہی اسے کچھ فائدہ وصول ہوتا ہے۔

## مثال 5

رنجنا، سادھنا اور کامنہ 4:3:2 کے تناسب سے نفع ونقصان میں حصے دار ہیں رنجنا سبکدوش ہوتی ہے۔ سادھنا اور کامنہ نے مستقبل کے منافعوں کو 5:3 کے تناسب میں تقسیم کرنے کا فیصلہ کیا۔ فائدے کے تناسب کا شمار کیجیے۔

**حل:**

فائدے کا تناسب = نیا حصہ - پرانا حصہ

سادھنا کا فائدے کا حصہ $= \frac{5}{8} - \frac{3}{9} = \frac{45-24}{72} =$

کامنا کا فائدے کا حصہ $= \frac{3}{8} - \frac{2}{9} = \frac{27-16}{72} =$

سادھنا اور کامنا کے درمیان فائدے کا تناسب = 21:11

© NCERT Not to be Republished

### اسے خود کیجیے

1۔ انیتا، جیا اور نیشا 1:1:1 کے تناسب سے نفع ونقصان میں حصے دار ہیں۔ جیا فرم سے سبکدوش ہوتی ہے۔ انیتا اور نیشا نے مستقبل کے منافع کو 4:3 میں تقسیم کرنے کا فیصلہ کیا۔ فائدے کا تناسب شمار کیجیے۔

2۔ آزاد، وجے اور امیت $\frac{1}{4}$، $\frac{1}{8}$ اور $\frac{10}{16}$ کے تناسب سے نفع ونقصان میں حصہ دار ہیں۔ باقی ماندہ شراکت داروں کے درمیان نیا تناسب تقسیم منافع شمار کیجیے اگر (a) آزاد سبکدوش ہوتا ہے (b) وجے سبکدوش ہوتا ہے (c) امیت سبکدوش ہوتا ہے۔

3۔ مذکورہ بالا ہر ایک صورت میں فائدے کا تناسب شمار کیجیے۔

4۔ انو، پربھا اور ملی شراکت دار ہیں۔ انو سبکدوش ہوتی ہے۔ باقی ماندہ شراکت داروں کا مستقبل میں تناسب تقسیم منافع اور

فائدے کا تناسب شمار کیجیے اگر وہ انو کے حصے کو حسب ذیل طرح سے وصول کرنے پر رضامند ہوتے ہیں۔

(a)5:3 کے تناسب میں (b) مساوی طور پر

5۔ راہل، روبن اور راجیش 3:2:1 کے تناسب سے نفع ونقصان میں شراکت دار ہیں۔ باقی ماندہ شراکت داروں کا نیا تناسب تقسیم منافع شمار کیجیے۔(i) اگر راہل سبکدوش ہوتا ہے (ii) اگر روبن سبکدوش ہوتا ہے۔(iii) راجیش سبکدوش ہوتا ہے۔

6۔ پوجا، پریہ، پرتسٹھا 5:3:2 کے تناسب سے نفع ونقصان میں حصہ دار ہیں۔ پریہ سبکدوش ہوتی ہے۔اس کا حصہ پریہ اور پرتسٹھا کے ذریعہ 2:1 کے تناسب میں لیا جاتا ہے۔ نیا تناسب تقسیم منافع شمار کیجیے۔

7۔ اشوک، انل اور اجے 1/2، 3/10 اور 1/5 کے تناسب سے نفع ونقصان میں حصے دار ہیں۔انل فرم سے سبکدوش ہوتا ہے۔اشوک اور اجے مستقبل کے منافعوں کو 3:2 کے تناسب سے نفع ونقصان کو تقسیم کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں۔فائدے کا تناسب شمار کیجیے۔

© NCERT Not to be Republished

## 4.4 ساکھ کا تصفیہ (Treatment of Goodwill)

سبکدوش یا/مرحوم شراکت دار سبکدوشی/موت کے وقت اپنے حصہ کی ساکھ کا مستحق ہوتا ہے کیونکہ ساکھ فرم کے ذریعے کمائی گئی ہوتی ہے اوراس میں تمام موجودہ شراکت داروں کی کوششیں شامل ہوتی ہیں۔لہٰذا شراکت دار کی سبکدوشی/موت کے وقت ساکھ کی قدر شرکا کے درمیان معاہدے کے مطابق آنکی جاتی ہے۔باقی ماندہ شراکت داروں (وہ شرکا جو کہ سبکدوش ہوئے/مرحوم شراکت دار کے حصہ منافع کو حاصل کر کے فائدہ اٹھا چکے ہیں) کے ذریعہ ان کے فائدے کے تناسب میں سبکدوش ہوئے/مرحوم شراکت دار کو اس کے ساکھ کے حصے کا معاوضہ ادا کیا جاتا ہے۔

ایسی صورت میں ساکھ کے لیے کھاتہ داری عمل آور (تصفیہ) اس بات پر منحصر ہوتا ہے کہ آیا ساکھ کو فرم کی کتابوں مین پہلے سے دکھایا گیا ہے یا نہیں۔

### 4.4.1 جب کتابوں میں ساکھ کا اظہار نہیں ہوتا:

جب فرم کی کتابوں میں ساکھ کا اظہار نہیں ہوتا تب سبکدوش ہو رہے شراکت دار کو اس کے حصہ ساکھ کے نقصان کے لیے ضروری جمع (کریڈٹ) دینے کے چار طریقے ہیں جو کہ حسب ذیل ہیں:

(a) ساکھ کھاتہ اس کی پوری قدر پر کھولا جاتا ہے اور اسے کتابوں میں ایسے ہی رکھا جاتا ہے: اس صورت میں، ساکھ کھاتے کو اس کی پوری قدر سے نام درج (ڈیبٹ) کیا جاتا ہے اور تمام شراکت داروں (مع سبکدوش ہونے والے/مرحوم شراکت دار) کے سرمایہ کھاتوں کو ان کے تقسیم منافع کے پرانے تناسب کے مطابق کریڈٹ کر دیا جاتا ہے۔ تشکیل نو شدہ فرم کی بیلنس شیٹ میں ساکھ کی پوری قدر کا اظہار اس صورت میں ہوگا۔

(b) ساکھ نہ اس کی پوری قدر پر کھولا جاتا ہے اور فوراً خارج کیا جاتا ہے: اگر یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ تشکیل نو شدہ فرم کی بیلنس شیٹ میں ساکھ کو نہیں دکھایا جائے گا اور نہ ہی اسے فرم میں روکا جائے گا تب تمام شراکت داروں (مع سبکدوش ہوئے/مرحوم شراکت دار) کے سرمایہ کھاتوں کو کریڈٹ کر کے ساکھ کو اس کی پوری قدر پر کھولنے کے بعد، اسے فوراً خارج کیا جاتا ہے۔ یہ عمل باقی ماندہ شراکت داروں کو ان کے نئے تناسب تقسیم منافع میں ڈیبٹ کر کے اور ساکھ کھاتہ کو اس کی پوری قدر پر کریڈٹ کر کے کیا جاتا ہے۔

(c) سبکدوش ہوئے/مرحوم شراکت دار کے حصہ کی حد تک ساکھ کھاتہ کھولا جاتا ہے اور فوراً خارج کیا جاتا ہے: ایسی صورت میں ساکھ کھاتہ صرف سبکدوش ہوئے/مرحوم شراکت دار کی حسد تک کھولا جاتا ہے یہ عمل ساکھ کھاتہ کو جزوی رقم کے ساتھ ڈیبٹ کر کے اور صرف سبکدوش ہوئے/مرحوم شراکت دار کے سرمایہ کھاتے کو کریڈٹ کر کے کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد باقی ماندہ شراکت داروں کے سرمایہ دار کے سرمایہ کھاتے کو کریڈٹ کر کے کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد باقی ماندہ شراکت داروں کے سرمایہ کھاتوں کو ان کے فائدے کے تناسب میں ڈیبٹ کیا جاتا ہے اور کریڈت شدہ ساکھ کھاتہ کو خارج کرتے ہیں۔

(d) فرم کی کتابوں میں قطعی طور پر ساکھ کھاتہ نہیں کھولا جاتا: اگر یہ فیصلہ ہوا ہے کہ فرم کی کتابوں میں ساکھ کھاتہ قطعی طور پر نہیں کھولا جائے گا ایسی صورت میں حسب ذیل روزنامچہ اندراج کر کے شراکت داروں کے سرمایہ کھاتوں کے ذریعہ اس کا تسویہ کیا جاتا ہے:

مستقل شراکت دار کا سرمایہ کھاتہ Dr.

(ان کے فائدے کے تناسب میں فرداً فرداً)

سبک دوش/مرحوم شراکت دار کا سرمایہ کھاتہ

(سبکدوش ہوئے/مرحوم کو باقی ماندہ شرکا کے سرمایہ کھاتوں میں ان کے فائدے کے تناسب کے اندر)

آیئے ہم ایک مثال لیں اور مندرجہ بالا تمام متبادل صورتوں کو استعمال کر کے ساجھے دار کی سبکدوشی یا موت پر ساکھ کے تصفیہ کو واضح

©NCERT Not to be Republished

کریں۔ B،A اور C 3:2:1 کے تناسب سے نفع ونقصان میں حصہ دار ہیں۔ B سبکدوش ہوتا ہے۔ فرم کی ساکھ کی قدر 60,000 روپیے ہے۔ باقی ماندہ شراکت دار A اور B 3:1 کے تناسب سے نفع ونقصان کو تقسیم کرنا جاری رکھتے ہیں۔ مختلف متبادلوں میں درج کیے جانے والے روزنامچہ اندراجات مندرجہ ذیل ہوں گے۔

(a) اگر کتابوں میں ساکھ کھاتہ پوری قدر پر کھولا اور باقی رکھا جائے۔

| | | |
|---|---|---|
| ساکھ کھاتہ | Dr. | 60,000 |
| A کے سرمایہ کھاتے کو | | 30,000 |
| B کے سرمایہ کھاتے کو | | 20,000 |
| C کے سرمایہ کھاتے کو | | 10,000 |

(ساکھ کھاتہ پوری قدر پر کھولا گیا اور تمام شراکت داروں کو ان کے پرانے تناسب تقسیم منافع میں کریڈٹ کیا گیا)

(b) اگر ساکھ کھاتہ پوری قدر پر کھولا جائے اور فوراً خارج کیا جائے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (i) | ساکھ کھاتہ | Dr. | 60,000 |
| | A کے سرمایہ کھاتے کو | | 30,000 |
| | B کے سرمایہ کھاتے کو | | 20,000 |
| | C کے سرمایہ کھاتے کو | | 10,000 |

(ساکھ کھاتہ پوری قدر پر کھولا گیا اور تمام شراکت داروں کو ان کے پرانے تناسب تقسیم منافع میں کریڈٹ کیا گیا)

| | | | |
|---|---|---|---|
| (ii) | A کے سرمایہ کھاتے کو | Dr. | 45,000 |
| | C کے سرمایہ کھاتے کو | Dr. | 15,000 |
| | ساکھ کھاتہ کو | | 60,000 |

(ساکھ کو خارج کیا گیا اور باقی ماندہ شرکا کو نئے تناسب میں ڈیبٹ کیا گیا)

(c) اگر ساکھ کھاتہ سبکدوش ہوئے شراکت دار کو حصہ کی حد تک کھولا جائے اور فورا خارج کیا جائے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (i) | ساکھ کھاتہ | Dr. | 20,000 |
| | B کے سرمایہ کھاتے کو | | 20,000 |

© NCERT Not to be Republished

(ساکھ کھاتہ B کے حصہ کی حدتک کھولا گیا)

| | | | |
|---|---|---|---|
| (ii) | A کا سرمایہ کھاتہ | Dr. | 15,000 |
| | C کا سرمایہ کھاتہ | Dr. | 5,000 |
| | ساکھ کھاتے کو | | 20,000 |

(باقی ماندہ شراکت داروں کو ڈیبیٹ کرکے ساکھ کو خارج کیا گیا)

(d) اگر ساکھ کھاتہ فرم کی کتابوں میں قطعی طورپرموجود نہ ہو۔

| | | |
|---|---|---|
| A کا سرمایہ کھاتہ | Dr. | 15,000 |
| C کا سرمایہ کھاتہ | Dr. | 5,000 |
| C کے سرمایہ کھاتے کو | | 20,000 |

(باقی ماندہ شرکا کے سرمایہ کھاتوں میں فائدے کے تناسب کے اندر B کے حصہ ساکھ کا تسویہ کیا گیا)

ایسا بھی ہوسکتا ہے کہ باقی ماندہ شراکت داروں کے درمیان نئے تناسب تقسیم منافع پر ہوئے فیصلہ کے نتیجہ میں کوئی ایک باقی ماندہ شراکت دار مستقبل کے منافعوں میں اپنے حصہ کا ایثار کررہا ہو۔ ایسی صورت میں اس کا سرمایہ کھاتہ اس کے ایثار کے مطابق سبکدوش ہوئے/مرحوم شراکت دار کے سرمایہ کھاتہ کے ہمراہ کریڈٹ کیا جائے گا اور دوسرے باقی ماندہ شراکت داروں کو ڈیبیٹ کیا جائے گا جس کی بنیاد مستقبل کے منافع تناسب میں ان کے حاصل ہونے والا فائدہ ہوگا۔

© NCERT Not to be Republished

## مثال 6

کیشو، نرمل اور پنکج 4:3:2 کے تناسب سے نفع نقصان میں حصہ دار ہیں۔ نرمل سبکدوش ہوتا ہے اور ساکھ کی قدر 72000 روپیے ہے۔ کیشو اور پنکج مستقبل کے نفع ونقصان کو 5:3 کے تناسب سے تقسیم کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں۔ ضروری روزنامچہ اندراجات درج کیجیے۔ (a) جب ساکھ کو اس کی پوری قدر پر کھولا جاتا ہے اور فوراً خارج کیا جاتا ہے۔ (b) جب کتابوں میں ساکھ کو قطعی طور پر نہیں دکھایا جاتا۔

## حل:

(a) جب ساکھ کھاتہ کھولا جاتا ہے اور فوراً خارج کیا جاتا ہے۔

### جرنل

| تاریخ | تفصیلات | | لیجر صفحہ | ڈیبٹ (روپیے) | کریڈٹ (روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|
| (i) | ساکھ کھاتہ | Dr. | | 72,000 | |
| | کیشو کے سرمایہ کھاتے کو | | | | 32,000 |
| | نرمل کے سرمایہ کھاتے کو | | | | 24,000 |
| | پنکج کے سرمایہ کھاتے کو | | | | 16000 |
| | (ساکھ کھاتہ کو اس کی پوری قدر پر نئے تناسب تقسیم منافع میں کھولا گیا) | | | | |
| (ii) | کیشو کا سرمایہ کھاتہ | Dr. | | 45000 | |
| | پنکج کا سرمایہ کھاتہ | Dr. | | 27000 | |
| | ساکھ کھاتہ | | | | 72000 |
| | (ساکھ کھاتہ کو نئے تناسب تقسیم منافع میں خارج کیا گیا) | | | | |

(b) جب ساکھ کھاتہ کو کتابوں میں قطعی طور پر نہیں دکھایا جاتا۔

### جرنل

| تاریخ | تفصیلات | | لیجر صفحہ | ڈیبٹ (روپیے) | کریڈٹ (روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|
| | کیشو کا سرمایہ کھاتہ | Dr. | | 13,000 | |
| | پنکج کا سرمایہ کھاتہ | Dr. | | 11,000 | |
| | نرمل کے سرمایہ کھاتے کو | | | | 24,000 |
| | (کیشو اور پنکج کے فائدے کے تناسب 13:11 میں نرمل کے حصہ ساکھ کا تصفیہ کیا گیا) | | | | |

© NCERT Not to be Republished

اشاراتِ عمل (ورکنگ نوٹس):

1۔ وِل کا حصہ ساکھ = $72{,}000 \times \frac{3}{9}$ روپیے = 24,000 روپیے

2۔ فائدے کے تناسب کا شمار

فائدے کا تناسب = نیا حصہ - پرانا حصہ

کیشو کے فائدے کا تناسب = $\frac{4}{9} - \frac{5}{8} = \frac{13}{72}$

پنکج کے فائدے کا تناسب = $\frac{2}{9} - \frac{3}{8} = \frac{11}{72}$

لہٰذا کیشو اور پنکج کے درمیان فائدے کا تناسب 13:11 یعنی $\frac{11}{24} : \frac{13}{24}$ ہے۔

## مثال 7

جیا، کیرتی، ایکتا اور شویتا ایک فرم میں 2:1:2:1 کے تناسب سے حصہ دار ہیں۔ جیا کی سبکدوشی پر فرم کی ساکھ کی قدر 36,000 روپیے آنکی گئی ہے۔ کیرتی، ایکتا اور شویتا نے مستقبل کے نفع نقصان کو مساوی طور پر تقسیم کرنے کا فیصلہ کیا۔ ساکھ کھاتہ کھولے بغیر ساکھ کے تصفیہ کے لیے ضروری روزنامچہ اندراج درج کیجیے۔

### کیرتی، ایکتا، شویتا کی کتابیں جرنل

| تاریخ | تفصیلات | لیجر صفحہ | ڈیبٹ (روپئے) | کریڈٹ (روپئے) |
|---|---|---|---|---|
| | کیرتی کا سرمایہ کھاتہ | | 6,000 | |
| | شویتا کا سرمایہ کھاتہ | | 6,000 | |
| | جیا کے سرمایہ کھاتے کو | | | 12,000 |
| | (جیا کے حصہ ساکھ کا تصفیہ باقی ماندہ شراکت داروں کے ساتھ ان کے فائدے کے تناسب میں کیا گیا) | | | |

©NCERT Not to be Republished

اشاراتِ عمل (ورکنگ نوٹس):

1۔ جیا کا حصہ ساکھ

$= 36,000 \times \frac{2}{6} = 12,000$ روپیے

2۔ فائدے کے تناسب کا شمار

فائدے کا حصہ = نیا حصہ - پرانا حصہ

کیرتی کا فائدہ $= \frac{1}{3} - \frac{1}{6} = \frac{2-1}{6} = \frac{1}{6}$

ایکتا کا فائدہ $= \frac{1}{3} - \frac{2}{6} = \frac{2-2}{6} = \frac{0}{6}$ (نہ فائدہ نہ ایثار)

شویتا کا فائدہ $= \frac{1}{3} - \frac{1}{6} = \frac{2-1}{6} = \frac{1}{6}$

لہٰذا، کیرتی اور شویتا کے درمیان فائدے کا تناسب =1:1=1/6:1/6

## مثال 8

دیپا، نیرو اور شلپا ایک فرم میں 5:3:2 کے تناسب سے نفع نقصان میں حصے دار ہیں۔ نیرو سبکدوش ہوئی، دیپا اور شلپا کے درمیان نیا تناسب تقسیم منافع 2:3 تھا۔ نیرو کی سبکدوشی پر فرم کی ساکھ کی قدر 1,20,000 روپیے تھی۔ نیرو کی سبکدوشی پر ساکھ کے تصفیہ کے لیے ضروری روزنامچہ اندراج درج کیجیے۔

### دیپا اور شلپا کی کتابیں جرنل

| تاریخ | تفصیلات | لیجر صفحہ | ڈیبٹ (روپیے) | کریڈٹ (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| | شلپا کا سرمایہ کھاتہ Dr. | | 48000 | |
| | نیرو کے سرمایہ کھاتے کو | | 36000 | |
| | دیپا کے سرمایہ کھاتے کو | | | 12,000 |
| | (شلپا نے نیرو کو اس کے حصہ ساکھ کے لیے معاوضہ ادا کیا اور دیپا کو اس کے ایثار کے لیے جو اس نے نیرو کی سبکدوشی پر کیا) | | | |

© NCERT Not to be Republished

اشارات عمل (ورکنگ نوٹس):

1۔ فائدے کے تناسب کا شمار

فائدے کا حصہ = نیا حصہ - پرانا حصہ

دیپا کے فائدے کا حصہ = $\frac{2}{5}-\frac{5}{10} = \frac{4-5}{10} = -\frac{1}{10} = \left(\frac{1}{10}\right)$ (یعنی ایثار)

شلپا کے فائدے کا حصہ = $\frac{3}{5}-\frac{2}{10} = \frac{6-2}{10} = \frac{4}{10}$ یعنی فائدہ

2۔ لٰہذا، شلپا، نیرو (سبکدوش ہوئی شریک) اور دیپا (باقی ماندہ شراکت دار جس نے ایثار کیا ہے) دونوں کو ان کے ذریعے کیے گئے ایثار کی حد تک معاوضہ ادا کرے گی۔ جس کا شمار حسب ذیل طریقے سے کیا جائے گا۔

دیپا کا ایثار = فرم کی ساکھ × ایثار کیا گیا حصہ

1,20,000 روپے × $\frac{1}{10}$ = 12,000 روپے

نیرو کا (سبکدوش ہوئی شراکت) ایثار=120000 روپے ×3/10=36000 روپے

© NCERT Not to be Republished

## اپنی فہم کی جانچ کیجیے—I

حسب ذیل سوالات میں صحیح متبادل کا انتخاب کیجیے:

1۔ ابھیشیک، رجت اور وویک 5:3:2 کے تناسب سے نفع نقصان میں حصہ دار ہیں۔ اگر وویک سبکدوش ہوتا ہے تو ابھیشیک اور رجت کے درمیان نیا تناسب تقسیم منافع ہوگا۔

(a) 3:2

(b) 5:3

(c) 5:2

(d) ان میں سے کوئی نہیں۔

2۔ راجندر، ستیش اور تیج پال 2:2:1 کے تناسب سے نفع اور نقصان میں حصہ دار تھے۔ ستیش کی سبکدوشی کے بعد نیا تناسب تقسیم منافع 3:2 ہے۔ فائدے کا تناسب ہے—

3:2 (a)

2:1 (b)

1:1 (c)

2:1 (d)

3۔ آنند، بہادر اور چندر مساوی طور پر نفع اور نقصان میں حصے دار ہیں۔ چند کی سبکدوشی پر اس کا حصہ آنند اور بہادر کے ذریعے 3:2 کے تناسب میں وصول کیا جاتا ہے۔ آنند اور بہادر کے درمیان نیا تقسیم منافع ہوگا۔

8:7 (a)

4:5 (b)

3:2 (c)

2:3 (d)

4۔ باقی ماندہ شراکت داروں کے ذریعہ سبکدوش/مرحوم ہوئے شراکت دار کے حصہ منافع کو وصول کرنے سے متعلق کسی معلومات کی غیر موجودگی میں، یہ فرض کیا جاتا ہے کہ اس کا حصہ وصول کریں گے:-

(a) پرانے تناسب تقسیم منافع میں

(b) نئے تناسب تقسیم منافع میں

(c) مساوی تناسب میں

d) ان میں سے کوئی نہیں

© NCERT Not to be Republished

## مثال 9

ینی، پمّی اور سنّی 3:2:1 کے تناسب سے نفع نقصان میں حصہ دار ہیں۔ ساکھ کی قدر کتابوں میں 60,000 روپے دکھائی گئی ہے۔ پمی سبکدوش ہوتا ہے پمی کی سبکدوشی پر ساکھ 84000 روپے آنکی گئی۔ ینی اور سنی نے مستقبل کے منافع کو 2:1 کے تناسب میں تقسیم کرنے کا فیصلہ کیا۔ ضروری روزنامچہ اندراجات درج کیجیے۔

## حل:

### ہینی اور سنی کی کتابیں
### روزنامچہ (جرنل)

| تاریخ | تفصیلات | | لیجر صفحہ | ڈیبٹ (روپیے) | کریڈٹ (روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|
| | ہینی کا سرمایہ کھاتہ | Dr. | | 30,000 | |
| | پمّی کا سرمایہ کھاتہ | Dr. | | 20,000 | |
| | سنّی کا سرمایہ کھاتہ | Dr. | | 10,000 | |
| | ساکھ کھاتے کو | | | | 60,000 |
| | (موجودہ ساکھ کو پرانے تناسب میں خارج کیا گیا) | | | | |
| | ہینی کا سرمایہ کھاتہ | Dr. | | 14,000 | |
| | سنّی کا سرمایہ کھاتہ | Dr. | | 14,000 | |
| | پمّی کے سرمایہ کھاتے کو | Dr. | | | 28000 |
| | (پمی کے حصہ ساکھ کا تصفیہ ہینی اور سنی کے سرمایہ کھاتوں میں آنکے گئے فائدے کی حد تک کیا گیا) | | | | |

© NCERT Not to be Republished

اشارات عمل (ورکنگ نوٹس):

(1) ساکھ کی موجودہ قدر میں پمی کا حصہ=84000 روپیے کا $\frac{1}{3}$

$= 84,000 \times \frac{1}{3} =$ 28,000 روپیے

فائدے کا حصہ = نیا حصہ - پرانا حصہ

ہینی کے فائدے کا حصہ $= \frac{2}{3} - \frac{3}{6} = \frac{1}{6}$

سنی کے فائدے کا حصہ $= \frac{1}{3} - \frac{1}{6} = \frac{1}{6}$

اس طرح، ہینی اور سنی کے فائدے کا تناسب $\frac{1}{6} - \frac{1}{6} = 1:1$ ہے۔

### 4.4.2 جب ساکھ کھاتے کا اظہار کتابوں میں پہلے سے ہی ہو

اگر فرم کی کتابوں میں دکھائی ہوئی ساکھ کی قدر اس کی موجودہ قدر کے برابر ہے تو عام طور پر کسی تسویے کی ضرورت نہیں۔ چونکہ ساکھ کی رقم (بشمول سبکدوش شراکت دار) تمام شراکت داروں کے سرمایہ کھاتوں میں جمع (کریڈٹ) ہوتی ہے۔ اگر ساکھ کی موجودہ قدر کتابوں کی قدر سے مختلف ہے تو تسویاتی اندراج کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ اندراج پہلے سے کتابوں میں دکھائی گئی قدر (کتابی قدر) اور موجودہ قدر کے فرق کے لیے کیا جاتا ہے۔ ایسی صورت میں دو امکانات ہو سکتے ہیں: (a) ساکھ کی کتابی قدر اس کی موجودہ قدر سے کم ہو سکتی ہے۔ اور (b) کتابی قدر موجودہ قدر سے زیادہ ہو سکتی ہے۔ اس کا تذکرہ حسب ذیل ہے۔

(a) **اگر ساکھ کی کتابی قدر اس کی موجودہ قدر سے کم ہو :** ایسی صورت میں، ساکھ کھاتے کو اس کی موجودہ قدر تک کھولا جاتا ہے۔ یہ عمل ساکھ کھاتے کو اس کی کتابی قدر سے زائد موجودہ قدر کے ساتھ نام (ڈیبٹ) کر کے اور تمام شراکت داروں کے سرمایہ کھاتوں کو ان کے پرانے تناسب تقسیم منافع میں جمع (کریڈٹ) کر کے کیا جاتا ہے۔ مثلاً دیپک، ناکل اور راجیش 5:3:2 کے تناسب سے نفع نقصان میں حصے دار ہیں۔ ساکھ کی قدر کتابوں میں 20,000 روپے دکھائی گئی ہے۔ ناکل سبکدوش ہوتا ہے، ناکل کی سبکدوشی کے دن ساکھ کی قدر 24,000 روپے آنکی گئی۔ اس صورت حال میں، حسب ذیل روزنامچہ اندراج درج کیا جائے گا۔

**دیپک، ناکل اور راجیش کی کتابیں**

**روزنامچہ (جنرل)**

| تاریخ | تفصیلات | | لیجر صفحہ | ڈیبٹ (روپیے) | کریڈٹ (روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|
| | ساکھ کھاتہ | Dr. | | 4,000 | |
| | دیپک کے سرمایہ کھاتے کو | Dr. | | | 2,000 |
| | ناکل کے سرمایہ کھاتے کو | Dr. | | | 1,200 |
| | راجیش کے سرمایہ کھاتے کو | | | | 800 |
| | (ساکھ کی قدر میں اضافے کو تمام شراکت داروں کے سرمایہ کھاتوں میں ان کے 5:3:2 کے پرانے تناسب تقسیم منافع میں کریڈٹ کیا گیا) | | | | |

© NCERT Not to be Republished

(b) اگرساکھ کی کتابی قدر اس کی موجودہ قدر سے زیادہ ہو: ایسی صورت میں،ساکھ کی کتابی قدر اور اس کی موجودہ قدر کے درمیان فرق کوساکھ کھاتہ میں جمع (کریڈٹ) کیا جائے گا اور تمام شراکت داروں کے سرمایہ کھاتوں میں ان کے پرانے تناسب تقسیم منافع کے مطابق نام (ڈیبٹ) کیا جائے گا۔ مثلاً موہن لال،گردھاری لال اور شیام لال 4:3:1 کے تناسب سے نفع نقصان میں حصے دار ہیں۔شیام لال فرم سے سبکدوش ہوتا ہے۔شیام لال کی سبکدوشی پر ساکھ کی قدر 52,000 روپے آنکی گئی۔فرم کی کتابوں میں پہلے سے ہی ساکھ کھاتہ 60,000 روپے کی قدر کے ساتھ دکھایا گیا تھا۔اس صورت میں،حسب ذیل روزنامچہ اندراج درج کیا جائے گا۔

© NCERT Not to be Republished

## موہن لال،گردھاری لال اورشیام لال کی کتابیں

## روزنامچہ (جنرل)

| تاریخ | تفصیلات | لیجر صفحہ | ڈیبٹ (روپیے) | کریڈٹ (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| | موہن لال کا سرمایہ کھاتہ Dr. | | 4,000 | |
| | گردھاری لال کا سرمایہ کھاتہ Dr. | | 3,000 | |
| | شیام لال کا سرمایہ کھاتہ | | 1,000 | |
| | ساکھ کھاتے کو | | | 8,000 |
| | ساکھ کھاتہ میں کمی کا تسویہ تمام شراکت داروں کے سرمایہ کھاتوں میں ان کے پرانے تناسب تقسیم منافع کے مطابق کیا گیا) | | | |

یہاں یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ مندرجہ بالا تمام صورتوں میں،ساکھ کا پوری قدر پر اظہار بیلنس شیٹ میں کیا گیا تھا۔لیکن اگر شراکت دار یہ فیصلہ کرتے ہیں کہ ساکھ کوجزوی طور پر یا مکمل طور پر خارج کرنا چاہیے تو یہ عمل باقی ماندہ شراکت داروں کے سرمایہ کھاتوں کو نئے تناسب تقسیم منافع میں ڈیبٹ کر کے اور ساکھ کھاتے کو بالترتیب قدر کے ساتھ کریڈٹ کر کے کیا جا سکتا ہے۔

بصورت دیگر،ساکھ کھاتے کو پہلے اس کی پوری قدر پر کھولنے اور پھر خارج کرنے کے بجائے،اگر شراکت دار فیصلہ کریں تو وہ

پہلے کتابوں میں دکھائی گئی موجودہ ساکھ کو تمام شراکت داروں کو پرانے تناسب تقسیم منافع میں ڈیبٹ کر کے خارج کر سکتے ہیں اور پھر سبکدوش/مرحوم ہوئے شراکت دار کو ضروری کریڈٹ دے سکتے ہیں ڈیبٹ کر کے اور سبکدوش/مرحوم ہوئے شراکت دار کو اس کے حصہ ساکھ کے ذریعہ کریڈٹ کر کے کیا جا سکتا ہے۔

### 4.4.3 پوشیدہ ساکھ (Hidden Goodwill)

اگر فرم سبکدوش/مرحوم ہوئے شراکت دار کو یک مشت رقم ادا کر کے اس کا نبٹارا کرنے پر رضامند ہو چکی ہے تب اس کو واجب الادا رقم سے زائد ادا کی جانے والی رقم، اثاثوں اور ذمہ داریوں کی از سر نو قدر اندازی اور جمع شدہ نفع ونقصان سے متعلق ضروری تسویات کرنے کے بعد اس کے سرمایہ کھاتے کی باقی رقم پر مبنی ہوتی ہے اور اسے اس کا حصہ ساکھ (جسے پوشیدہ ساکھ کہتے ہیں) مانا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر P، Q اور R، 3:2:1 کے تناسب سے نفع نقصان میں حصہ دار ہیں۔ R سبکدوش ہوتا ہے اور ذمہ داریوں و اثاثوں کی از سر نو قدر اندازی، ریزرو سے متعلق ضروری تسویات کرنے کے بعد اس کے سرمایہ کھاتے میں باقی 60,000 روپیے آتی ہے۔ P اور Q اس کے مطالبے کا مکمل نبٹارا کرنے کی غرض سے 75,000 روپیے ادا کرنے پر متفق ہیں۔ اس سے یہ بات اخذ کی جاتی ہے کہ فرم کی ساکھ میں R کا حصہ 15,000 روپیے ہے۔ اس کو P اور Q کے سرمایہ کھاتوں میں ان کے فائدے کے تناسب میں ڈیبٹ کیا جائے گا (جو کہ 3:2 یہ فرض کرتے ہوئے ہے کہ ان کے اپنے تناسب تقسیم منافع میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی) اور R کے سرمایہ کھاتے کو کریڈٹ کیا جائے گا۔ روزنامچہ اندراج حسب ذیل طرح سے ہوگا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | (روپیے) | (روپیے) |
| P کا سرمایہ کھاتہ Dr. | | 9,000 | |
| Q کا سرمایہ کھاتہ Dr. | | 6,000 | |
| R کے سرمایہ کھاتے کو | | | 15,000 |
| (R کے حصہ ساکھ کا تسویہ P اور Q کے سرمایہ کھاتوں میں ان کے فائدے کے تناسب 3:2 کے مطابق کیا گیا) | | | |

© NCERT Not to be Republished

## اپنی فہم کی جانچ کیجیے--II

مندرجہ ذیل سوالات میں صحیح متبادل کا انتخاب کیجیے۔

1۔ شراکت دار کی سبکدوشی یا موت پر، سبکدوش/مرحوم ہوئے شراکت دار کے سرمایہ کھاتے کو کریڈٹ کیا جائے گا۔
(a) اس کے حصہ ساکھ کے ساتھ
(b) فرم کی ساکھ کے ساتھ
(c) باقی ماندہ شراکت داروں کے حصہ ساکھ کے ساتھ
(d) ان میں سے کوئی نہیں

2۔ گوبند، ہری اور پرتاپ شراکت دار ہیں۔ گوبند کی سبک دوشی پر بیلنس شیٹ میں ساکھ کھاتہ پہلے سے 24,000 روپے کا دکھایا گیا ہے۔ ساکھ کا اخراج کیا جائے گا۔
(a) تمام شراکت داروں کے سرمایہ کھاتوں کو ان کے نئے تناسب تقسیم منافع میں ڈیبٹ کر کے
(b) باقی ماندہ شراکت داروں کے سرمایہ کھاتوں کو ان کے نئے تناسب تقسیم منافع سے ڈیبٹ کر کے
(c) سبکدوش ہوئے شراکت دار کے سرمایہ کھاتے کو اس کے حصہ ساکھ سے ڈیبٹ کر کے
(d) ان میں سے کوئی نہیں

3۔ چمن، رمن اور سمن 5:3:2 کے تناسب سے نفع نقصان میں حصہ دار ہیں۔ رمن سبکدوش ہوتا ہے۔ چمن اور سمن کے درمیان نیا تناسب تقسیم منافع 1:1 ہوگا۔ فرم کی ساکھ کی قدر 1,00,000 روپے ہے۔ رمن کے حصہ ساکھ کا تسویہ کیا جائے گا۔
(a) چمن کے سرمایہ کھاتے اور سمن کے سرمایہ کھاتہ دونوں کو 15,000 روپے سے ڈیبٹ کر کے
(b) چمن کے سرمایہ کھاتے اور سمن کے سرمایہ کھاتے کو بالترتیب 21,429 روپے اور 8,571 روپے کے ساتھ ڈیبٹ کر کے۔
(c) سمن کے سرمایہ کھاتہ کو 30,000 روپے سے ڈیبٹ کر کے
(d) رمن کے سرمایہ کھاتہ کو 30,000 روپے سے ڈیبٹ کر کے

4۔ شراکت دار کی سبکدوشی/موت پر، وہ باقی ماندہ شراکت دار کو جنھیں تناسب تقسیم منافع میں تبدیلی کے باعث فائدہ ہوا ہے کو معاوضہ ادا کرنا چاہیے۔
(a) صرف سبکدوش ہوئے شرا کا کو
(b) صرف باقی ماندہ شرکا کو (جنھوں نے ایثار کیا) سبکدوش شرکا کی مانند
(c) صرف باقی ماندہ شرکا کو (جنھوں نے ایثار کیا)
(d) ان میں سے کوئی نہیں

© NCERT Not to be Republished

## 4.5 اثاثوں اور ذمہ داریوں کی ازسرنو قدر اندازی کے لیے تسویہ

شراکت دار کی سبکدوشی یا موت کے وقت ایسے چند اثاثے ہو سکتے ہیں جن کو ان کی موجودہ قدروں پر نہیں دکھایا گیا ہو۔ اسی طرح، چند ذمہ داریاں بھی ہو سکتی ہین جن کو ان کی فرم کے ذریعہ پوری کی جانے والی دین داری سے مختلف قدر پر دکھایا گیا ہو۔ صرف یہی نہیں، ایسے چند غیر مندرج اثاثے اور ذمہ داریاں بھی ہو سکتی ہیں جنھیں کتابوں میں لانے کی ضرورت ہو۔ جیسا کہ ہم نے شراکت دار کی شمولیت کی صورت میں پڑھا ہے کہ غیر مندرج مدوں کو فرم کی کتابوں میں لانے اور اثاثوں یا/اور ذمہ داریوں کی ازسرنو قدر اندازی پر خالص فائدے (نقصان) کو معلوم کرنے کی غرض سے ازسرنو کھاتہ تیار کیا جاتا ہے۔ اور اسے تمام شراکت داروں (بشمول سبکدوش /مرحوم ہوئے شراکت دار) کے سرمایہ کھاتوں میں ان کے پرانے تناسب تقسیم منافع میں منتقل کر دیا جاتا ہے۔ اس مقصد سے کیے جانے والے روزنامچہ اندراجات حسب ذیل ہیں:

1۔ اثاثوں کی قدر میں اضافہ کے لیے

Assets A/c's(فرداً فرداً) Dr.

To Revaluation A/c

(اثاثوں کی قدر میں اضافہ)

2۔ اثاثوں کی قدر میں کمی کے لیے

Revaluation A/c Dr.

To Assets A/c's(فرداً فرداً)

3۔ ذمہ داریوں کی رقم میں اضافہ کے لیے

Revaluation A/c Dr.

To liabilities A/c(فرداً فرداً)

(ذمہ داریوں کی رقم میں اضافہ)

4۔ ذمہ داریوں کی رقم میں کمی کے لیے

Liabilities A/c's(فرداً فرداً) Dr.

To revaluation A/c

(ذمہ داریوں کی رقم میں کمی)

© NCERT Not to be Republished

5۔ ایک غیر مندرج اثاثہ کے لیے

اثاثہ کھاتہ Dr.

ازسرنو اندازہ قدر کھاتہ کے لیے

(غیر مندرج اثاثہ کو کتابوں میں لایا گیا)

(غیر مندرج ذمے داری کو کتابوں میں لایا گیا)

7۔ ازسرنو قدر اندازی پر نفع یا نقصان کو تقسیم کرنے کے لیے

ازسرنو اندازہ قدر کھاتہ Dr.

تمام ساجھے داروں کا سرمایہ کھاتہ کے لیے

(ازسرنو قدر اندازی پر ہوئے منافع کو شراکت داروں کے سرمایہ کھاتوں میں منتقل کیا گیا)

(یا)

تمام ساجھے داروں کا سرمایہ کھاتہ Dr.

ازسرنو اندازہ قدر کھاتہ کے لیے

(ازسرنو قدر اندازی پر ہوئے نقصان کو شراکت داروں کے سرمایہ کھاتوں میں منتقل کیا گیا)

## مثال 10

میتالی، اندو اور گیتا بالترتیب 5:3:2 کے تناسب سے نفع نقصان میں حصہ دار ہیں۔ 31 مارچ 2017 کو ان کی بیلنس شیٹ حسب ذیل تھی۔

| ذمے داریاں | | رقم (روپیے) | اثاثے | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| متفرق قرض خواہ | | 55,000 | ساکھ | 25,000 |
| محفوظ فنڈ | | 30,000 | عمارت | 1,00,000 |
| سرمایہ کھاتہ | | | پیٹنٹ | 30,000 |
| میتالی | 1,50,000 | | مشینری | 1,50,000 |
| اندو | 1,25,000 | | اسٹاک | 50,000 |
| گیتا | 75,000 | 3,50,000 | قرض دار | 40,000 |
| | | | نقد | 40,000 |
| | | **4,35,000** | | **4,35,000** |

© NCERT Not to be Republished

مذکورہ بالا تاریخ کو گیتا سبکدوش ہو جاتی ہے۔ مشینری کی قدر 1,40,000 روپیے، پیٹنٹ کی قدر 40,000 روپیے اور بلڈنگ کی قدر 1,25,000 روپیے ہونے پر اتفاق ہوا۔ ضروری روزنامچہ اندراجات درج کیجیے اور ازسرنو قدر اندازی کھاتہ تیار کیجیے۔

**حل:**

## میتالی اور اندو کی کتابیں

## روزنامچہ (جرنل)

| تاریخ<br>2012 | تفصیلات | | لیجر صفحہ | ڈیبٹ (روپیے) | کریڈٹ (روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|
| 31 مارچ | ازسرنو اندازۂ قدر کھاتہ | Dr. | | 10,000 | |
| | مشینری کو | | | | 10,000 |
| | (مشینری کی قدر میں کمی) | | | | |
| | پیٹنٹ کھاتہ | Dr. | | 10,000 | |
| | عمارت | Dr. | | 25,000 | |
| | ازسرنو اندازہ قدر کھاتہ | | | | 35,000 |
| | (بلڈنگ اور پیٹنٹ کی قدر میں اضافہ) | | | | |
| | ازسرنو اندازہ قدر کھاتہ | Cr. | | 25,000 | |
| | میتالی کے سرمایہ کھاتے کو | Dr. | | | 12,500 |
| | اندو کے سرمایہ کھاتے کو | | | | 7,500 |
| | گیتا کے سرمایہ کھاتے کو | | | | 5,000 |
| | (ازسرنو قدر اندازی پر ہوئے منافع کو تمام شراکت داروں کے سرمایہ کھاتوں میں پرانے تناسب تقسیم منافع میں منتقل کیا گیا) | | | | |

© NCERT Not to be Republished

## ازسرنو قدر اندازی کھاتہ

نام (Dr.) ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ جمع (Cr.)

| ذمہ داریاں | | رقم (روپیے) | اثاثے | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| مشینری | | 10,000 | پینٹ | 10,000 |
| منافع منتقل کیا گیا | | | عمارت | 25,000 |
| ینتالی کے سرمایہ کھاتے میں | 12,500 | | | |
| اندو کے سرمایہ کھاتے میں | 7,500 | | | |
| گیتا کے سرمایہ کھاتے میں | 5,000 | 25,000 | | |
| | | **35,000** | | **35,000** |

© NCERT Not to be Republished

## 4.6 جمع شدہ نفع نقصان کا ایڈجسٹمنٹ

بعض اوقات، فرم کی بیلنس شیٹ جنرل ریزرو یا ریزرو فنڈ کی شکل میں جمع شدہ منافعوں اور یا نفع نقصان کھاتہ کی نام باقی کی شکل میں جمع شدہ نقصانات کا اظہار کرتی ہے۔ سبکدوش/متوفی ساجھے دار جمع شدہ منافعوں میں اپنا حصہ پانے کا مستحق ہوتا ہے اسی طرح وہ جمع شدہ نقصانات میں اپنے حصہ کی دین داری کے لیے بھی ذمہ دار ہوتا ہے۔ ان جمع شدہ منافعوں یا نقصانات کا تعلق تمام شراکت داروں سے ہوتا ہے اس لیے انھیں تمام ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتوں میں ان کے پرانے تناسب تقسیم منافع میں منتقل کر دینا چاہیے۔ اس مقصد کے لیے مندرجہ ذیل روزنامچہ اندراجات کیے جاتے ہیں۔

(i) جمع شدہ منافعوں (ریزرو) کو منتقل کرنے کے لیے

ریزرو کھاتہ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ Dr.

تمام ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتے (ذاتی طور پر)

(ریزرو کو تمام ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتوں میں پرانے تناسب تقسیم منافع میں منتقل کیا گیا)

(ii) جمع شدہ نقصانات کو منتقل کرنے کے لیے

تمام ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتے (ذاتی طور پر) ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ Dr.

نفع اور نقصان کھاتہ

(جمع شدہ نقصانات کو تمام ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتوں میں پرانے تناسب تقسیم منافع میں منتقل کیا گیا)

مثال کے طور پر؛ اندو، گجندر اور ہریندر 3:2:1 کے تناسب سے نفع نقصان میں حصہ دار ہیں۔ اندر سبکدوش ہوتا ہے اور اس تاریخ پر فرم کی بیلنس شیٹ حسب ذیل ہے:

## اندر، گجندر اور ہریندر کی کتابیں

## 31 مارچ 2017 کو بیلنس شیٹ

| ذمہ داریاں | | رقم (روپیے) | اثاثے | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| قرضدار | | 50,000 | زمین اور عمارتیں | 3,00,000 |
| جنرل ریزرو | | 90,000 | اسٹاک | 30,000 |
| سرمایہ کھاتہ: | | | بینک | 10,000 |
| اندر | 1,00,000 | | نقد | 5,000 |
| گجندر | 55,000 | | | |
| ہریندر | 50,000 | 2,05,000 | | |
| | | **3,45,000** | | **3,45,000** |

عمومی ریزرو (جنرل ریزرو) کے تصفیہ کو درج کرنے لیے حسب ذیل روزنامچہ اندراج کیا جائے گا۔

## گجندر اور ہریندر کی کتابیں

## روزنامچہ (جرنل)

| تاریخ | تفصیلات | لیجر صفحہ | ڈیبٹ (روپیے) | کریڈٹ (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| 31 مارچ 2017 | عمومی ریزرو کھاتہ Dr. | | 90,000 | |
| | اندر کے سرمایہ کھاتہ کے لیے | | | 45,000 |
| | گجیندر کے سرمایہ کھاتے کے لیے | | | 30,000 |
| | ہریندر کے سرمایہ کھاتے کے لیے | | | 15,000 |
| | (اندر کی سبکدوشی پر عمومی ریزرو کو تمام شراکت داروں کے سرمایہ کھاتوں میں پرانے تناسب میں منتقل کیا گیا) | | | |

© NCERT Not to be Republished

## 4.7 سبکدوش ہونے والے شراکت دار کی رقم کا تصفیہ

سبکدوش ہونے والے شراکت دار کی واجب رقم کا تصفیہ عام طور پر معاہدۂ شراکت کی دفعات کے مطابق کیا جاتا ہے۔یعنی فوراً یک مشت یا پھر مختلف قسطوں میں سود کے ساتھ یا بغیر سود کے؛اس کا انحصار شراکت داروں کے باہمی اتفاق پر ہوتا ہے کہ آیا انھوں نے اسے جزوی طور پر فوراً نقد ادا کرنے اور جزوی طور پر قسطوں میں مختلف وقفوں کے دوران ادا کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔یا پھر کسی اور صورت میں۔کسی معاہدے کی غیر موجودگی میں،انڈین پارٹنرشپ ایکٹ 1932 کا سیکشن 37 لاگو ہوتا ہے جس کی رو سے رخصت ہونے والے شراکت دار کے پاس دو متبادل ہوتے ہیں۔یا تو وہ تاوقت ادائیگی 6% سالانہ کی شرح سے سود وصول کرے یا پھر منافعوں کا ایسا حصہ جو کہ اس کی رقم سے کمایا جا رہا ہو(یعنی اس کے سرمایہ تناسب پر مبنی ہو)۔لہٰذا سبکدوش ہو رہے شراکت دار کو تمام تسویات کرنے کے بعد کل واجب الادا رقم اسے فوراً ادا کر دینی ہوتی ہے۔اگر فرم فوراً ادائیگی کرنے کی حالت میں نہ ہو تب واجب الادا رقم کو سبکدوش ہوئے شراکت دار کے قرض کھاتہ میں منتقل کر دیا جاتا ہے۔درج کیے جانے والے ضروری روزنامچہ اندراجات حسب ذیل ہیں:

1۔ جب سبک دوش ہو رہے شراکت دار کو پورا نقد ادا کیا جاتا ہے۔

سبکدوش ہو رہے شراکت دار کا سرمایہ کھاتہ Dr.

نقد/ بینک کھاتے کے لیے

2۔ جب سبکدوش ہو رہے شراکت دار کی کل رقم کو قرض مانا جاتا ہے۔

سبکدوش ہو رہے شراکت دار کا سرمایہ کھاتہ Dr.

سبکدوش ہو رہے شراکت دار کا قرض کھاتہ

3۔ جب سبکدوش ہو رہے شراکت دار کو جزوی طور پر نقد ادا کیا جاتا ہے اور بقیہ رقم کو قرض مانا جاتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| (کل واجب رقم) | سبکدوش ہو رہے شراکت دار کا سرمایہ کھاتہ | Dr. |
| ادا کی گئی رقم | نقد/ بینک کھاتے کے لیے | |
| (قرض کی رقم) | سبکدوش ہو رہے شراکت دار کا قرض کھاتہ | |

© NCERT Not to be Republished

4۔ جب قسطوں (بشمول اصل اور سود) کے ذریعے ادائیگی کر کے قرض کھاتہ کا نبٹارہ کیا جاتا ہے۔

(a) قرض پر سود کے لیے

سود کھاتہ Dr.

سبکدوش ہونے والے ساجھےدار کا قرض کھاتہ کے لیے

(b) قسطوں کی ادائیگی کے لیے

سبکدوش ہونے والے ساجھےدار کا قرض کھاتہ Dr.

بینک/نقد کھاتہ کے لیے

نوٹ

1۔ جب تک کہ اسے آخری قسط کی ادائیگی نہیں ہو جاتی سبکدوش ہوئے شراکت دار کے قرض کھاتہ کی باقی رقم کو بیلنس شیٹ کی ذمہ داریوں کی جانب دکھایا جاتا ہے۔

2۔ جب تک کہ قرض کو ادا کر کے ختم نہیں کیا جاتا مندرجہ بالا (a) اور (b) اندراج کو دوہرایا جائے گا۔

© NCERT not to be Republished

## مثال 11

امریندر، مہندر اور جوگندر ایک فرم میں شراکت دار ہیں۔ مہندر فرم سے سبکدوش ہوتا ہے۔ اس کی سبکدوشی کی تاریخ پر 60,000 روپیے اسے واجب الادا ہیں۔ امریندر اور جوگیندر ہر سال آخر میں اسے قسطوں میں ادائیگی کا وعدہ کرتے ہیں۔ درج ذیل صورتوں میں مہندر کا قرض کھاتہ تیار کیجیے۔

1۔ جب ادائیگی غیر اداشدہ باقی پر، چار سال قسطیں، مع سود بشرح 12% سالانہ کے لحاظ سے کی جاتی ہے۔

2۔ جب وہ پہلے تین سالوں کے دوران واجب الادا باقی پر 12% سالانہ سود کے ساتھ 20,000 روپیے کی قسطیں 3 سال ادا کرنے اور باقی، چوتھے سال مع سود ادا کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں۔

3۔ جب ادائیگی غیر اداشدہ باقی پر، چار سالہ مساوی قسطیں مع سود بشرح 12% سالانہ کے لحاظ سے کی جاتی ہے۔

## حل:

(a) جب ادائیگی غیر ادا شدہ باقی پر چار سالہ قسطیں مع سود کے لحاظ سے کی جاتی ہے۔

### امریندر، مہندر اور جوگیندر کی کتابیں

### مہندر کا قرض کھاتہ

نام(.Dr) جمع(.Cr)

| تاریخ | تفصیلات | لیجر صفحہ | رقم (روپیے) | تاریخ | تفصیلات | لیجر صفحہ | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سال I | بینک (15,000+7,200) | | 22,200 | سال I | مہندر کا سرمایہ | | 60,000 |
| | | | | | سود | | 7,200 |
| | بیلنس c/d | | 45,000 | | | | |
| | | | 67,200 | | | | 67,200 |
| سال II | بینک (15,000+5,400) | | 20,400 | سال II | بیلنس b\d | | 45,000 |
| | | | | | سود | | 5,400 |
| | بیلنس c/d | | 30,000 | | | | |
| | | | 50,400 | | | | 50,400 |
| سال III | بینک (15,000+3,600) | | 18,600 | سال III | بیلنس b/d | | 30,000 |
| | | | | | سود | | 3,600 |
| | بیلنس c/d | | 15,000 | | | | |
| | | | 33,600 | | | | 33,600 |
| سال IV | بینک (15,000+1,800) | | 16,800 | سال IV | بیلنس b/d | | 15,000 |
| | | | | | سود | | 1,800 |
| | | | **16,800** | | | | **16,800** |

© NCERT Not to be Republished

(b) جب ادائیگی مع سود 20,000 روپیے کی تین سالہ قسطوں میں کی جاتی ہے۔

## امریندر، مہندر اور جوگیندر کی کتابیں

## مہندر کا قرض کھاتہ

نام (Dr.) — جمع (Cr.)

| تاریخ | تفصیلات | لیجر صفحہ | رقم (روپیے) | تاریخ | تفصیلات | لیجر صفحہ | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سال I | بینک | | 20,000 | سال I | مہندر کا سرمایہ | | 60,000 |
| | بیلنس c/d | | 47,200 | | سود | | 7,200 |
| | | | 67,200 | | | | 67,200 |
| سال II | بینک | | 20,000 | سال II | بیلنس b/d | | 47,200 |
| | بیلنس b/d | | 32,864 | | سود | | 5,664 |
| | | | 52,864 | | | | 52,864 |
| سال III | بینک | | 20,000 | سال III | بیلنس b/d | | 32,864 |
| | بیلنس b/d | | 16,808 | | سود | | 3,944 |
| | | | 36,808 | | | | 36,808 |
| سال IV | | | 18,825 | سال IV | بیلنس b/d | | 16,808 |
| | | | | | سود | | 2,017 |
| | | | **18,825** | | | | **18,825** |

© NCERT Not to be Republished

(c) جب ادائیگی چار سالہ مساوی قسطیں مع سود شرح 12% سالانہ کے لحاظ سے کی جاتی ہے

## امریندر، مہندر اور جوگندر کی کتابیں

## مہندر کا قرض کھاتہ

نام (Dr.) — جمع (Cr.)

| تاریخ | تفصیلات | لیجر صفحہ | رقم (روپیے) | تاریخ | تفصیلات | لیجر صفحہ | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سال I | بینک | | 19,754 | سال I | مہندر کا سرمایہ | | 60,000 |
| | بیلنس c/d | | 47,446 | | سود | | 7,200 |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | 67,200 | | | | 67,200 |
| سالII | بینک | | 19,754 | | b/d بیلنس | | 47,446 |
| | c/d بیلنس | | 33,386 | | سود | | 5,694 |
| | | | 53,140 | | | | 53,140 |
| سالIII | بینک | | 19,754 | | b/d بیلنس | | 33,386 |
| | c/d بیلنس | | 17,638 | | سود | | 4,006 |
| | | | 37,392 | | | | 37,392 |
| سالIV | بینک | | 19,754 | | b/d بیلنس | | 17,638 |
| | | | | | سود | | 2,116 |
| | | | **19,754** | | | | **19,754** |

نوٹ: %12 شرح سود پر چار سالوں میں ادائیگی کی سالانہ قسط19,754 روپے ہوتی ہے۔(سالانہ جدول×60,000 کے تحت 0.329234 کی سالانہ طور پر)

یہاں یہ غور طلب ہے کہ سبکدوش ہو رہے شراکت دار کو واجب رقم کے تصفیہ کے لیے کی جانے والی کھاتہ داری عمل آوری اور شراکت دار کی موت کی صورت میں کی جانے والی کھاتہ داری میں صرف ایک ہی فرق ہے۔اور یہ فرق صرف اتنا ہے کہ شراکت دار کی موت کی صورت میں اسے واجب الادا رقم کو اس کے وصی (ایکزیکیوٹر) کے کھاتہ میں منتقل کیا جاتا ہے اور اسے ہی ادائیگی کی جاتی ہے اسے اس باب میں آگے چل کر لیا جائے گا۔

© NCERT Not to be Republished

## اسے خود کیجیے

وجے، اجے اور موہن دوست ہیں انھوں نے جون 2016 میں دہلی یونیورسٹی سے بی کام (آنرس) پاس کیا۔انھوں نے کمپیوٹر ہارڈ وئیر کا کاروبار شروع کرنے کا فیصلہ کیا۔

1 راگست 2016 کو انھوں نے بالترتیب50,000 روپے، 30,000 روپے اور20000 روپے کا سرمایہ لگایا اور دہلی کے اندر شراکت داری میں کاروبار کا آغاز کیا۔ان کے درمیان تناسب تقسیم منافع 4:2:1 تھا۔کاروبار کامیابی کے ساتھ چل رہا تھا۔لیکن 1 فروری2017 کو چند ناقابل نظر انداز حالات اور خاندانی حالات کے باعث اجے نے پونے میں بسنے کا فیصلہ کیا اور اس نے فیصلہ کیا کہ وہ31 مارچ 2017 کو تمام شراکت داروں کی رضامندی کے ساتھ وہ شراکت داری سے سبکدوش ہو جائے گا۔اجے 31 مارچ 2017 کو سبکدوش ہو جاتا ہے اثاثوں اور ذمہ داریوں کی حالت حسب ذیل ہے۔

## وجے، اجے اور موہن کی بیلنس شیٹ 31 مارچ 2017 کو

| ذمہ داریاں | | رقم (روپیے) | اثاثے | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| سرمایہ کھاتے: | | | ساکھ | 56,000 |
| وجے | 1,80,000 | | اسٹاک | 90,0000 |
| اجے | 1,20,000 | | قرض دار | 66,000 |
| موہن | 10,000 | 4,00,000 | زمین اور عمارتیں | 1,20,000 |
| Bills Payable | | 12,000 | مشینری | 1,59,000 |
| عمومی ریزرو | | 42,000 | موٹر گاڑی | 31,000 |
| قرض خواہ | | 90,000 | بینک میں نقد | 22,000 |
| | | **5,44,000** | | **5,44,000** |

سبکدوشی کی تاریخ پر حسب ذیل تسویات کی گئیں:

1۔ فرم کی ساکھ 1,48,000 روپیے جانچی گئی۔

2۔ اثاثوں اور ذمہ داریوں کی قدر درج ذیل ہوتی ہے: اسٹاک 72,000 روپیے، اراضی وعمارت (Land&Building) 1,35,600 روپیے، قرض دار (Debtors) 63,000 روپیے، مشینری 1,50,000 روپیے؛ قرض خواہ (Creditors) 84,000 روپیے۔

3۔ زائد سرمائے کے طور پر وجے کو 1,20,000 روپیے اور موہن کو 30,000 روپیے لانے ہیں اور کھاتہ پر منتقل کیا جاتا ہے۔ اجے کی واجب الادام رقم معلوم کیجیے اور بتائیے کہ اس کے کھاتے کا نبٹارہ کیسے کریں گے۔

© NCERT Not to be Republished

### مثال 12

آشیش، سریش اور لوکیش 5:3:2 کے تناسب سے نفع نقصان میں حصہ دار تھے 31 مارچ 2017 کو جانچی بیلنس شیٹ حسب ذیل تھی۔

## آشیش، سریش اور لوکیش کی بیلنس شیٹ 31 مارچ 2017 پر

| ذمہ داریاں | | رقم (روپیے) | اثاثے | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| سرمایہ: | | | اراضی | 4,00,000 |
| آشیش | 7,20,000 | | عمارتیں | 3,80,0000 |
| گگن | 4,15,000 | | پیٹینٹ اور مشینری | 4,65,000 |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لوکیش | 3,45,000 | 14,80,000 | فرنیچراورفٹنگ | 77,000 |
| محفوظ رقم | | 1,80,000 | اسٹاک | 1,85,000 |
| سن ڈرائی قرض خواہ | | 12,40,000 | سن ڈرائی قرض دار | 1,72,000 |
| Outstanding Expenses | | 16,000 | نقدرقم | 1,21,000 |
| | | **18,00,000** | | **18,00,0000** |

مندرجہ بالا تاریخ پر سریش سبکدوش ہوجاتا ہے۔اس کی سبکدوشی پر حسب ذیل تسویات پر باہمی رضامندی ہوتی ہے۔

1۔ اسٹاک کی قدر 1,72,000 روپے تھی۔

2۔ فرنیچراور فٹنگ کی قدر 80000 روپے تھی۔

3۔ مسٹر دیپک جو کہ ایک قرض دار ہیں ان پر 10000 روپے کی رقم واجب تھی یہ رقم مشکوک ہوگئی تھی اور اس کے لیے ایک محفوظ بنایا جانا تھا۔

4۔ فرم کی ساکھ 2,00,000 روپے جانچی گئی لیکن یہ فیصلہ ہوا کہ بہی کھاتوں میں ساکھ کو نہیں دکھایا جائے گا۔

5۔ آشیش اور لوکیش کا مستقبل میں تناسب تقسیم منافع 3:2 ہوگا۔

ازسرنو قدر اندازی کھاتہ، سرمایہ کھاتہ اور تشکیل نو شدہ فرم کی بیلنس شیٹ تیار کیجیے۔

© NCERT Not to be Republished

## حل:

### آشیش، سریش اور لوکیش کی کتابیں

### ازسرنو قدر اندازی کھاتہ

نام(Dr.) جمع(Cr.)

| تفصیلات | رقم(روپیے) | تفصیلات | رقم(روپیے) |
|---|---|---|---|
| Stock | 13,000 | Furniture | 3,000 |
| Provision for Doubtful Debt | 10,000 | Loss on Revalution Transfered to: | 1,00,000 |
| | | Ashish's Capital A/c 10000 | 30,000 |
| | | Suresh's Capital A/c 6000 | 1,50,000 |
| | | Lokesh's Capital A/c 4000 | 20,000 |
| | **23,000** | | **23,000** |

## شراکت داروں کے سرمایہ کھاتے

نام(Dr.) جمع(Cr.)

| تاریخ 2013 | تفصیلات | لیجر | آشیش (روپیے) | سریش (روپیے) | لوکیش (روپیے) | تاریخ 2013 | تفصیلات لیجر | آشیش (روپیے) | سریش (روپیے) | لوکیش (روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 31 مارچ | ازسرنو اندازہ قدر (نقصان) | | 10,000 | 6,000 | 4,000 | 31 مارچ | 31 مارچ نیچے سے لایا گیا b/d | 7,20,000 | 4,15,000 | 3,45,000 |
| | سریش کا سرمایہ | | 20,000 | | 40,000 | | رزرو فنڈ | 90,000 | 54,000 | 36,000 |
| | ساکھ نقد | | | 40,000 | | | آشیش کا سرمایہ | | 20,000 | |
| | سریش کا قرض | | | 4,83,000 | | | لوکیش کا سرمایہ | | 40,000 | |
| | باقی لے جایا گیا c/d | | 7,80,000 | | 3,37,000 | | | | | |
| | | | **8,10,000** | **5,29,000** | **3,81,000** | | | **8,10,000** | **5,29,000** | **3,81,000** |

© NCERT Not to be Republished

## 1 اپریل 2017 کو آشیش اور لوکیش کی بیلنس شیٹ

| ذمہ داریاں | | رقم (روپیے) | اثاثے | | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|
| سرمایہ: | | | زمین | | 4,00,000 |
| آشیش | 7,80,000 | | عمارتیں | | 3,80,0000 |
| لوکیش | 3,37,000 | 11,17,000 | پیٹینٹ اور مشنری | | 4,65,000 |
| سریش کا قرض | | 4,83,0000 | فرنیچر | | 80,000 |
| متفرق دیندار | | 124,000 | اسٹاک | | 1,72,000 |
| بقیہ خرمیں | | 16,000 | متفرق لیندار ان | 1,72,000 | |
| | | | گھٹا(–) مشکوک قرض کے لیے | | 1,62,000 |
| | | | محفوظ | 10,000 | |
| | | | نقد (Rs.121000-Rs.40,000) | | 81,000 |
| | | **17,40,000** | | | **17,40,000** |

اشارات عمل (ورکنگ نوٹس):

1۔ فائدے کا حصہ = نیا حصہ - پرانا حصہ

آشیش کا فائدہ = $\frac{3}{5} - \frac{5}{10} = \frac{6-5}{10} = \frac{1}{10}$

لوکیش کا فائدہ = $\frac{2}{5} - \frac{2}{10} = \frac{4-2}{10} = \frac{2}{10}$

آشیش اور لوکیش کے درمیان فائدے کا تناسب = 1:2

2۔ سریش کا حصہ ساکھ = 2,00,000 روپے × 3/10 = 60000 روپے

© NCERT Not to be Republished

## مثال 13

شیام، گگن اور رام 2:2:1 کے تناسب سے نفع نقصان میں حصہ دار ہیں 31 مارچ 2017 کو ان کی بیلنس شیٹ حسب ذیل ہے:

| ذمہ داریاں | رقم (روپیے) | اثاثے | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|
| متفرق دینداران | 49,000 | نقد | 8,000 |
| رزرو | 14,500 | لیندارن | 19,000 |
| سرمایہ | | اسٹاک | 42,00 |
| شیام | | مشینری | 85,000 |
| گگن | | عمارتیں | 1,22,000 |
| رام | 2,17,500 | پیٹنٹس | 9,000 |
| مالک کا پروڈنٹ فنڈ | 4,000 | | |
| | **2,85,000** | | **2,85,000** |

چوں کہ گگن کو ایک MNC میں ملازمت کا بہترین موقع مل گیا تھا اس لیے اس نے فرم سے سبکدوش ہونے کا فیصلہ کیا۔ رام اور شیام کے درمیان مستقبل کے منافعوں کو 5:3 کے تناسب میں تقسیم کرنے کا فیصلہ ہوا۔ ساکھ کی قدر 70,000 روپے تھے، مشینری کی قدر 78,000 روپے، بلڈنگ کی قدر 52000 روپے اور اسٹاک کی قدر 30000 روپے تھی؛ 1550 روپے کے ڈوبے قرضوں کو خارج کیا جانا تھا فرم کی کتابوں میں روزنامچہ اندراجات کیجیے اور نئی فرم کی بیلنس شیٹ تیار کیجیے۔

**حل:**

## شیام، رام اور گگن کی کتابیں

### روزنامچہ (جرنل)

| تاریخ | تفصیلات | | لیجر صفحہ | ڈیبٹ (روپیے) | کریڈٹ (روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|
| 31 مارچ 2017 | ازسرنو اندازہ قدر کھاتہ | Dr. | | 20,550 | |
| | مشینری کھاتہ کے لیے | | | | 7,000 |
| | اسٹاک کھاتہ کے لیے | | | | 12,000 |
| | لیند اراں کھاتہ کے لیے | | | | 1,550 |
| | (گگن کی سبکدوشی کے دوران اثاثوں کی ازسرنو قدراندازی پر نقصان) | | | | |
| | عمارت کھاتہ | Dr. | | 30,000 | |
| | ازسرنو اندازہ قدر کھاتہ کے لیے | | | | 30,000 |
| | (گگن کی سبکدوشی پر بلڈنگ کی قدر میں اضافہ) | | | | |
| | ازسرنو اندازہ قدر کھاتہ | Dr. | | 9,450 | |
| | شیام کا سرمایہ کھاتہ کے لیے | | | | 3780 |
| | گگن کے سرمایہ کھاتہ کے لیے | | | | 3780 |
| | رام کے سرمایہ کھاتہ کے لیے | | | | 1890 |
| | (ازسرنو قدراندازی پر منافع کو شراکت داروں کے سرمایہ کھاتوں میں 2:2:1 کے تناسب سے منتقل کیا گیا) | | | | |
| | رزرو کھاتہ | Dr. | | 14,500 | |
| | شیام کے سرمایہ کھاتہ کے لیے | | | | 5,800 |
| | گگن کے سرمایہ کھاتہ کے لیے | | | | 5,800 |

© NCERT Not to be Republished

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | رام کے سرمایہ کھاتہ کے لیے | | | 2,900 |
| | (ریزرو کو شراکت دار کے سرمایہ کھاتے میں منتقل کیا گیا) | | | |
| | شیام کے سرمایہ کھاتہ Dr. | | | |
| | رام کا سرمایہ کھاتہ Dr. | | | |
| | گگن کے سرمایہ کھاتہ کے لیے | | | |
| | (گگن کے حصہ ساکھ کا تسویہ شیام اور رام کے سرمایہ کھاتوں میں ان کے فائدے کے تناسب میں کیا گیا) | | | |
| | گگن کا سرمایہ کھاتہ Dr. | | 1,00,080 | |
| | گگن کے قرض کھاتہ کے لیے | | | 1,00,080 |
| | (سبکدوش ہوئے شراکت دار کو واجب الادا رقم اس کے قرض کھاتے میں منتقل کی گئی) | | | |

## 31 مارچ 2017 کو شیام اور رام کی بیلنس شیٹ

| ذمہ داریاں | رقم (روپیے) | اثاثے | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|
| متفرق دینداران | 49,000 | نقد | 8,000 |
| ملازمین کا پرووڈینٹ فنڈ | 4,000 | لینداران | 17,450 |
| سرمایہ | | اسٹاک | 30,000 |
| شیام | | مشینری | 78,000 |
| رام | 1,41,370 | عمارتیں | 1,52,000 |
| گگن کا قرض | 1,00,080 | پیٹنٹس | 9,000 |
| | **2,94,450** | | **2,94,450** |

اشارات عمل (ورکنگ نوٹس):

پرانا حصہ - نیا حصہ = فائدے کا حصہ

شیام کے فائدے کا حصہ $\frac{5}{8} - \frac{2}{5} = \frac{25 - 16}{40} = \frac{9}{40}$

© NCERT Not to be Republished

رام کے فائدے کا حصہ $\frac{3}{8} - \frac{1}{5} = \frac{15-8}{40} = \frac{7}{40}$

اس لیے، شیام اور رام کے فائدے کا تناسب 9:7=

## ازسرنو قدر اندازی کھاتہ

نام(Dr.) جمع(Cr.)

| ذمہ داریاں | | رقم(روپیے) | اثاثے | رقم(روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| مشنری | | 7,000 | عمارتیں | 30,000 |
| اسٹوک (ازسرنو قدر اندازی پر منافع) | | 12,000 | لیند اران | 1,550 |
| سرمایہ میں منتقلی | | | | |
| شیام | 3780 | | | |
| گگن | 3780 | | | |
| رام | 1890 | 9,450 | | |
| | | **30,000** | | **30,000** |

## شراکت داروں کے سرمایہ کھاتے

| تاریخ 2017 | تفصیلات | لیجر | شیام (روپیے) | گگن (روپیے) | رام (روپیے) | تاریخ 2013 | تفصیلات | لیجر | شیام (روپیے) | گگن (روپیے) | رام (روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 31مارچ | گگن کا سرمایہ | | 15750 | | 12,250 | 31مارچ | نیچے لایا گیا بیلنس/ باقی | | 89,000 | 62,500 | 75,000 |
| | گگن کا قرض | | | 1,00,080 | | | Revaluation نفع | | 3,780 | 3,780 | 1,890 |
| | بقیہ/بیلنس | | 73,830 | | 67,540 | | رزرو | | 5,800 | 5,800 | 2,900 |
| | | | | | | | شیام کا سرمایہ | | | 15,750 | |
| | | | | | | | رام کا سرمایہ | | | 15,750 | |
| | | | **89,580** | **1,00,080** | **79,790** | | | | **89,580** | **1,00,080** | **79,790** |

© NCERT Not to be Republished

نوٹ: چوں کہ گگن کو واجب الادا رقم کی ادائیگی کے لیے دستیاب باقی کافی نہیں ہے اس لیے اس کے سرمایہ کھاتہ کی باقی کو اس کے قرض کھاتے میں منتقل کیا جاتا ہے۔

## 4.8 شراکت داروں کے سرمائے کا تسویہ

بعض اوقات، شراکت دار کی سبکدوشی/موت پر باقی ماندہ شراکت دار اپنے لگائے گئے سرمائے کا تسویہ اپنے تناسب تقسیم منافع میں کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں۔ ایسی صورت میں، باقی ماندہ شراکت داروں کے سرمائے کی باقی کے جوڑ کو نئی فرم کا کل سرمایہ مانا جاتا ہے۔ اس کے بعد، باقی ماندہ شراکت داروں کے نئے سرمائے کو معلوم کرنے کے لیے فرم کے کل سرمائے کو باقی ماندہ شراکت داروں کے درمیان نئے تناسب تقسیم منافع کے مطابق تقسیم کر دیا جاتا ہے۔ اور انفرادی سرمایہ کھاتہ میں سرمائے کی کمی یا زیادہ معلوم کی جاتی ہے ایسی کمی یا زیادتی کا تسویہ نقد رقم کو لگا کر یا نکال کر کیا جاتا ہے۔ دونوں صورتوں کے لیے حسب ذیل روزنامچہ اندراجات کیے جائیں گے۔

(i) اضافی سرمائے کو شراکت دار کے ذریعہ نکالے جانے پر:

ساجھے داروں کا سرمایہ کھاتہ Dr.

بینک/نقد کھاتہ کے لیے

(ii) شراکت دار کے ذریعہ سرمائے کی رقم لائے جانے پر:

بینک/نقد کھاتہ Dr.

ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتہ کے لیے

مندرجہ ذیل صورتوں پر غور کیجیے:

باقی ماندہ شراکت داروں کے سرمایوں کا تسویہ حسب ذیل طریقوں میں سے کسی ایک پر مشتمل ہوتا ہے۔ جنھیں مثالوں کی مدد سے سمجھایا گیا ہے۔

1۔ جب کہ شراکت داروں کے ذریعہ فیصلہ کیا گیا نئی فرم کا سرمایہ مذکورہ ہو:

## مثال 14

موہت، نیرج اور سوہن ایک فرم میں 2:1:1 کے تناسب سے حصہ دار ہیں نیرج سبکدوش ہوتا ہے۔ موہت اور سوہن نے یہ فیصلہ کیا

© NCERT Not to be Republished

کہ نئی فرم کا سرمایہ 2,00,000 روپیے پر قائم رہے گا۔موہت اور سوہن کے سرمایہ کھاتے تمام تسویات کے بعد بالترتیب 82000 روپیے اور 41000 روپیے کی جمع باقی (کریڈٹ بیلنس) دکھاتے ہیں۔باقی ماندہ شراکت داروں کے ذریعہ لایا جانے والا یا ان کو ادا کیا جانے والا اصل نقد معلوم کیجیے اور ضروری روزنامچہ اندراج درج کیجیے۔

## حل:

موہت اور سوہن کے درمیان نیا تناسب تقسیم منافع = 2:1

| | موہت | سوہن |
|---|---|---|
| نئے تناسب پر مبنی سرمایہ ہے | 80,000 | 40,000 |
| موجودہ سرمایہ (تسویات کے بعد) ہے | 82,000 | 41,000 |
| لایا گیا (یا نکالا گیا) نقد ہے | 2,000 | 1,000 |

© NCERT Not to be Republished

### موہت اور سوہن کی کتابیں
### روزنامچہ

| تاریخ | تفصیلات | ڈیبٹ (روپیے) | کریڈٹ (روپیے) |
|---|---|---|---|
| | موہت کا سرمایہ کھاتہ | 2,000 | |
| | سوہن کا سرمایہ کھاتہ | 1,000 | |
| | نقد کھاتہ کے لیے | | 3,000 |
| | (سوہن کے ذریعہ نکالا گیا زائد سرمایہ) | | |

2۔ جب کہ نئی فرم کا کل سرمایہ مذکورہ نہیں ہوتا۔

## مثال 15

آشا، دیپا اور لتا ایک فرم میں 3:2:1 کے تناسب سے شراکت دار ہیں۔دیپا سبکدوش ہوتی ہے جمع شدہ منافع، ساکھ اور از سر نو قدر اندازی وغیرہ سے تمام تسویات کرنے کے بعد آشا اور لتا کے سرمایہ کھاتے بالترتیب 160000 روپیے اور 80000 روپیے کی جمع باقی دکھاتے ہیں۔آشا اور لتا کے سرمایوں کا تسویہ ان کے نئے تناسب تقسیم منافع میں کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔آپ شراکت داروں کے نئے سرمایوں کا شمار کیجیے اور اس میں شامل رقوم کو کاروبار میں لانے یا نکال کر لیے جانے کے لیے ضروری روزنامچہ اندراجات کیجیے۔

## حل:

(a) موجودہ شراکت داروں کے نئے سرمایوں کا شمار

آشا کے سرمائے میں باقی (تمام تسویات کے بعد) =1,60,000

لتا کے سرمائے میں باقی =80,000

نئی فرم کا کل سرمایہ =240000

3:1 کے نئے تناسب تقسیم منافع پر مبنی

آشا کا نیا سرمایہ=240000 روپے $\times \frac{3}{4}$ =180000

لتا کا نیا سرمایہ=240000 روپے $\times \frac{1}{4}$ =60000

نوٹ: نئی فرم کا کل سرمایہ باقی ماندہ شراکت داروں کے سرمایہ کھاتوں کی باقی کے جوڑ پر مبنی ہے۔

(b) باقی ماندہ شراکت داروں کے ذریعہ لائے جانے والے یا نکالے جانے والے نقد کا شمار:

| | آشا (روپیے) | لتا (روپیے) |
|---|---|---|
| نئے سرمائے | 1,80,000 | 60,000 |
| موجودہ سرمائے | 1,60,000 | 80,000 |
| | 20,000 | 20,000 |

© NCERT Not to be Republished

### آشا اور لتا کی کتابیں
### روزنامچہ

| تاریخ | تفصیلات | لیجر | ڈیبٹ (روپیے) | کریڈٹ (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| | نقد کھاتہ | | 20,000 | |
| | آشا کے سرمایہ کھاتہ کے لیے | | | 20,000 |
| | (آشا کے ذریعہ لایا گیا نقد) | | | |
| | لتا کا سرمایہ کھاتہ | | 20,000 | |
| | نقد کھاتہ کے لیے | | | 20,000 |
| | (لتا کے ذریعہ نکالی گئی اضافی رقم) | | | |

3۔ جب کہ سبکدوش ہوئے شراکت دار کو قابل ادا رقم باقی ماندہ شراکت داروں کے ذریعہ اس طرح لائی جاتی ہے کہ ان سرمایوں کا تسویہ ان کے نئے تناسب تقسیم منافع کے مطابق ہو جائے:

## مثال16

للت، پنکج اور راہل 4:3:3 کے تناسب سے نفع نقصان میں حصہ دار ہیں۔ للت کی سبکدوشی پر، ازسرنو قدر اندازی، ساکھ اور ریزرو سے متعلق تمام تسویات کے بعد ان کے بالترتیب سرمائے 70,000 روپے، 60,000 روپے اور 50,000 روپے ہیں یہ فیصلہ ہوا کہ للت کو قابل ادا رقم پنکج اور راہل کے ذریعہ اس طرح لائی جائے گی کہ ان کے سرمائے ان کے تناسب تقسیم کے مطابق ہو جائیں۔ راہل اور پنکج کے ذریعہ لائی جانے والی رقم کا شمار کیجیے۔ اس کے لیے اور للت کو ادائیگی کے ذریعہ لائی جانے والی رقم کا شمار کیجیے۔ اس کے لیے اور للت کو ادائیگی کے لیے ضروری روزنامچہ اندراجات بھی کیجیے۔

للت کی سبکدوشی کے بعد، پنکج اور راہل کے درمیان نیا تناسب تقسیم منافع 3:3 یعنی 1:1 ہے۔

## حل:

| | روپے |
|---|---|
| (a) نئی فرم کے کل سرمائے کا شمار | |
| (i) پنکج کے سرمایہ کھاتے میں باقی (تسویہ کے بعد) | 60,000 |
| (ii) راہل کے سرمایہ کھاتے میں باقی (تسویہ کے بعد) | 50,000 |
| (iii) للت (سبکدوش ہوئے شراکت دار) کو قابل ادا رقم | 70,000 |
| نئی فرم کا کل سرمایہ (i) + (ii) + (iii) | 18,00,00 |

(b) باقی ماندہ شراکت داروں کے نئے سرمائے کا شمار

پنکج کا نیا سرمایہ = 1,80,000 روپے $\times \frac{1}{2}$ = 90,000 روپے

راہل کا نیا سرمایہ = 1,80,000 روپے $\times \frac{1}{2}$ = 90,000 روپے

(c) باقی ماندہ شراکت داروں کے ذریعہ لائی جانے والی یا نکالی جانے والی رقوم کا شمار

| | پنکج (روپیے) | راہل (روپیے) |
|---|---|---|
| نیا سرمایہ (1,80,000 روپے 1:1 کے تناسب میں) | 90,000 | 90,000 |
| موجودہ سرمایہ (تسویہ کے بعد) | 60,000 | 50,000 |
| لایا جانے والا نقد | 30,000 | 40,000 |

© NCERT Not to be Republished

## پنکج اور راہل کی کتابیں

### روزنامچہ

| تاریخ تفصیلات | | لیجر | ڈیبٹ(روپیے) | کریڈٹ(روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| نقد کھاتہ | Dr. | | 70,000 | |
| پنکج کے سرمایہ کھاتے کے لیے | | | | 30,000 |
| راہل کے سرمایہ کھاتہ کے لیے | | | | 40,000 |
| (پنکج اور راہل کے ذریعہ لائی گئی رقوم) | | | | |
| للت کا سرمایہ کھاتہ | Dr. | | 70,000 | |
| نقد کھاتہ کے لیے | | | | 70,000 |
| (سبکدوشی پر للت کو ادا کی گئی رقم) | | | | |

© NCERT Not to be Republished

## مثال 17

موہت، نیرج اور سوہن شراکت دار ہیں اور اپنے سرمایوں کے مطابق نفع نقصان کو تقسیم کرتے ہیں 31 مارچ 2017 کو ان کی بیلنس شیٹ حسب ذیل ہے:

| ذمہ داریاں | رقم(روپیے) | اثاثے | رقم(روپیے) |
|---|---|---|---|
| دینداران | 21,000 | عمارتیں | 1,00,000 |
| موہت کا سرمایہ | 80,000 | مشینری | 50,000 |
| نیرج کا سرمایہ | 40,000 | اسٹاک | 18,000 |
| سوہن کا سرمایہ | 40,000 | لینداران | |
| عمومی رزرو | 20,000 | گھٹا(–): خراب قرض کے لیے پرووژن | 19,000 |
| | | بینک میں نقد | 14,000 |
| | **2,01,000** | | **2,01,000** |

اسی تاریخ پر، نیرج نے فرم سے سبکدوش ہونے کا فیصلہ کیا۔ شراکت داروں نے حسب ذیل تسویات پر اتفاق کیا اور اسے اس کا حصہ ادا کر دیا۔

1۔ بلڈنگ میں 20% بیش قدری

2۔ ڈوبے ہوئے اور مشتبہ قرضوں کے لیے کاروباری قرض داروں کے محفوظ کی 15% تک توسیع۔

3۔ مشینری میں 20% کم قدری

4۔ فرم کی ساکھ کی قدر 72000 روپیے جانچی گئی۔ سبکدوش ہوئے شراکت دار کے حصہ کا تسویہ باقی ماندہ شراکت داروں کے سرمایہ کھاتوں کے ذریعہ کیا گیا۔

5۔ نئی فرم کا سدر مایہ 120000 روپیے مقرر ہوتا ہے۔

ازسرنو قدر اندازی کھاتہ، شراکت داروں کے سرمایہ کھاتے اور B کی سبکدوشی کے بعد بیلنس شیٹ تیار کیجیے۔

**حل:**

**ازسرنو قدر اندازی کھاتہ**

| تفصیلات | رقم (روپیے) | تفصیلات | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|
| قرض پر پروویژن | 2,000 | عمارتیں | 20,000 |
| مشینری | | | |
| سرمایہ (ازسرنو اندازہ قدر پر نفع) | | | |
| موہت 4,000 | | | |
| نیرج 2,000 | | | |
| سوہن 2,000 | 8,000 | | |
| | **20,000** | | **20,000** |

© NCERT Not to be Republished

## شراکت داروں کے سرمایہ کھاتے

| تاریخ 2017 | تفصیلات | لیجر | موہت (روپیے) | نیرج (روپیے) | سوہن (روپیے) | تاریخ 2017 | تفصیلات | لیجر | موہت (روپیے) | نیرج (روپیے) | سوہن (روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 31 مارچ | نیرج کا سرمایہ | | 12,000 | | 6,000 | | نیچے لایا گیا بیلنس | | 80,000 | 40,000 | 40,000 |
| | بیلنس | | 82,000 | 65,000 | 41,000 | | عمومی رزرو | | 10,000 | 5,000 | 5,000 |
| | | | | | | | (ازسرنو اندازہ قدر) نفع | | 4,000 | 2,000 | 2,000 |
| | | | | | | | موہت کا سرمایہ | | | 12,000 | |
| | | | | | | | سوہن کا سرمایہ | | | 6,000 | |
| | | | 94,000 | 65,000 | 47,000 | | بیلنس b/d | | 94,000 | 65,000 | 47,000 |
| | بینک | | | 65,000 | | | | | 82,000 | 65,000 | 41,000 |
| | بینک | | 2,000 | | 1,000 | | | | | | |
| | بیلنس c/d (1) | | 80,000 | | 40,000 | | | | | | |
| | | | **82,000** | **65,000** | **41,000** | | | | **82,000** | **65,000** | **41,000** |

## 31 مارچ 2017 کو بیلنس شیٹ

| ذمہ داریاں | رقم (روپیے) | اثاثے | | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| دینداران | 21,000 | عمارتیں | | 1,20,000 |
| بینک کا قرض | 54,000 | مشینری | | 40,000 |
| سرمایہ | | اسٹاک | | 18,000 |
| موہت | | لینداران | 20,000 | |
| سوہن | 1,20,000 | گھٹا(–): مشکوک قرض کے لیے محفوظ (1000+2000) | 3,000 | 17,000 |
| | **1,95,000** | | | **1,95,000** |

© NCERT Not to be Republished

## بینک اکاؤنٹ

نام(Dr.) | جمع(Cr.)

| تاریخ | تفصیلات | لیجر | رقم(روپیے) | تاریخ | تفصیلات | لیجر | رقم(روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | نیچے لایا گیا بیلنس | | 14,000 | | موہت کا سرمایہ | | 2,000 |
| | بینک کا قرض | | 54,000 | | سوہن کا سرمایہ | | 1,000 |
| | | | | | نیرج کا سرمایہ | | 65,000 |
| | | | **68,000** | | | | **68,000** |

2۔ یہ فرض کیا گیا کہ سبکدوش ہورہے شراکت دار کو ادائیگی کرنے کی خاطر بنک سے اوورڈرافٹ لیا گیا ہے۔

3۔ موہت اور سوہن کے ذریعہ لایا جانے والا یا نکالا جانے والا نقد

| | سوہت(روپیے) | سوہن (روپیے) |
|---|---|---|
| (a) نئے سرمائے (120000 روپیے 2:1 کے تناسب میں) | 80000 | 40000 |
| (b) موجودہ سرمایہ (تسویات کے بعد) شمار کیا گیا | 82000 | 41000 |
| نقد لایا جانا (ادا کیا جاچکا) ہے | 2,000 | 1,000 |

### اسے خود کیجیے

1۔ A، B اور C شراکت دار ہیں اور نفع نقصان کو اپنے سرمائے کے تناسب میں تقسیم کرتے ہیں 31 مارچ 2017 کو ان کی بیلنس شیٹ حسب ذیل ہے:

#### 31 مارچ 2017 کو بیلنس شیٹ

| ذمہ داریاں | | رقم(روپیے) | اثاثے | | رقم(روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|
| قابل ادا بل | | 6,250 | زمین اور عمارتیں | | 12,000 |
| متفرق دیند اران | | 10,000 | لیند اران | 10500 | |
| Reserve Fund | | 2,750 | گھٹا(–): خراب قرض | 500 | 10,000 |
| سرمایہ: | | | قابل وصول بل | | 7,000 |
| اے | 20,000 | | اسٹاک | | 15,500 |
| بی | 15,000 | | پلانٹ اور مشینری | | 11,500 |
| سی | 15,000 | 50,000 | بینک میں نقد | | 13,000 |
| | | **69,000** | | | **69,000** |

© NCERT Not to be Republished

B بیلنس شیٹ کی تاریخ پر سبکدوش ہوگیا اور مندرجہ ذیل تسویات کی گئیں:

(a) اسٹاک کی قدر کو 5% کم کیا گیا

(b) فیکٹری بلڈنگ کی قدر میں 12% اضافہ کیا گیا

(c) محفوظ برائے مشکوک قرضات میں 5% تک اضافہ کرنا ہے۔

(d) محفوظ برائے قانونی اخراجات کو 265 روپے کا رکھا جائے گا۔

(e) فرم کی ساکھ 10,000 روپے مقرر ہوتی ہے۔

(f) نئی فرم کا سرمایہ 30,000 روپے مقرر ہوتا ہے۔ کاروبار کو جاری رکھنے والے شراکت دار اپنے سرمایوں کو 3:2 کے نئے تناسب تقسیم منافع میں رکھنے کا فیصلہ کرتے ہیں۔

فرم کے سرمایہ کھاتوں میں اختتامی باقیات معلوم کیجیے اور A اور C کے ذریعہ اپنے سرمایوں کو نئے تناسب تقسیم منافع کے مطابق بنانے کے لیے لائی جانے والی رقم یا نکالی جانے والی رقم کا بھی شمار کیجیے۔

2۔ R، S اور M 3:2:1 کے تناسب سے نفع نقصان میں حصہ دار ہیں 31 مارچ 1917 کو فرم کی بیلنس شیٹ حسب ذیل تھی۔

© NCERT Not to be Republished

**31 مارچ 2017 کو بیلنس شیٹ**

| ذمہ داریاں | | رقم(روپیے) | اثاثے | رقم(روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| متفرق دینداران | | 16,000 | عمارتیں | 23,000 |
| سرمایہ | | | لینداران | 7,000 |
| آر | 20,000 | | اسٹاک | 12,000 |
| ایس | 7,500 | | پیٹنٹس | 8,000 |
| ایم | 12,500 | 40,000 | بینک | 6,000 |
| | | **56,000** | | **56,000** |

شیام مندرجہ بالا تاریخ کو حسب ذیل شرائط پر سبکدوش ہوگیا:

(a) بلڈنگ کی قدر میں 8,800 روپے اضافہ کیا جانا ہے۔

(b) قرض داروں پر 5% محفوظ برائے مشکوک قرضات (Prov. for Doubtful Debt) بنانا ہے۔

(c) ساکھ کی قدر 9,000 روپیے جانچی جاتی ہے۔

(d) S کو 5,000 روپیے فوری طور پر ادا کیے جانے ہیں اور اس کو واجب الادا باقی کو قرض مانا جانا ہے جس پر 6% سالانہ کی شرح سے سود ادا کیا جائے گا۔

تشکیل نو شدہ فرم کی بیلنس شیٹ تیار کیجیے۔

© NCERT Not to be Republished

## 4.9 شراکت دار کی موت

جیسا کہ پہلے بیان کیا گیا، شراکت دار کی موت کی صورت میں کی جانے والی کھاتہ داری عمل آوری ویسی ہوتی جیسی کہ شراکت دار کی سبکدوشی کی صورت میں کی جاتی ہے۔ شراکت دار کی موت کی صورت میں اس کا مطالبہ اس کے وصی (ایگزیکیوٹر) کو منتقل کر دیا جاتا ہے اور اس کا نبٹارا سبکدوش ہوئے شراکت دار کی طرح کیا جاتا ہے بہر حال دونوں صورتوں میں ایک اہم فرق ہے وہ یہ کہ شراکت در کی سبکدوشی عموماً منصوبہ بند ہوتی ہے اور کھاتہ داری سال کے اختتام پر اس کا نفاذ ہوتا ہے۔ مگر موت کا سانحہ سال میں کسی بھی وقت پیش آ سکتا ہے۔ لہٰذا، شراکت دار کی موت کی صورت میں، اس کا مطالبہ آخری بیلنس شیٹ سے تا وقت موت اس کے حصہ نفع نقصان، سرمائے پر سود، نکالی گئی رقم پر سود وغیرہ پر مشتمل ہوگا۔ اس میں اہم پریشانی کا تعلق متعلقہ مدت (آخری بیلنس شیٹ کی تاریخ سے لے کر شراکت دار کی موت کی تاریخ تک مدت) کے منافع کو شمار کرنے سے ہے۔ چونکہ اس مدت کے لیے کتابوں کو بند کرنا اور اختتامی کھاتوں کو تیار کرنا ایک بے ڈھنگا اور تکلیف دہ عمل خیال کیا جاتا ہے۔ اس لیے مرحوم شراکت دار کے حصہ منافع کا شمار گذشتہ سال کے منافع (یا گذشتہ چند سالوں کے اوسط) یا فروخت کی بنیاد پر کیا جا سکتا ہے۔

مثال کے طور پر باکل، چمپک اور درشن 5:4:1 کے تناسب سے ایک فرم میں حصہ دار تھے 31 مارچ 2017 کے اختتام پر فرم کا منافع 1,00,000 روپیے تھے۔ 30 جون 2016 کو چمپک کی وفات ہوگئی 1 اپریل سے لے کر 30 جون 2016 کی مدت تک کے لیے چمپک کے حصہ منافع کا شمار حسب ذیل طریقہ سے کیا جائے گا:

سال 31 مارچ 2017 کے اختتام پر کل منافع = 1,00,000

چمپک کا حصہ منافع:

مرحوم شراکت دار کا حصہ × تناسبی مدت × گذشتہ سال کا منافع

$1,00,000 \times \frac{4}{10} \times \frac{3}{12} = 10,000$ روپے

حسب ذیل روزنامچہ اندراج کیا جائے گا۔

| | | |
|---|---|---|
| نفع اور نقصان سسپنس کھاتہ | Dr. | 10,000 |
| چمپک کے سرمایہ کھاتہ کے لیے | | 10,000 |

(چمپک کا حصہ منافع اس کے سرمایہ کھاتے میں منتقل کیا گیا)

بصورت دیگر، اگر چمپک کا حصہ منافع گذشتہ تین سالوں کے اوسط منافعوں کی بنیاد پر شمار کیا جاتا جو کہ 15-2014 میں 136000 روپے منافع، 16-2015 میں 154000 روپے منافع اور 17-2016 میں 100000 روپے منافع تھا۔ اس صورت میں چمپک کا حصہ منافع کا شمار 1 اپریل 2016 تا 30 جون 2016 کی مدت کے لیے، گذشتہ تین سالوں کے اوسط منافع کی بنیاد پر حسب ذیل طریقہ سے کیا گیا ہوتا۔

اوسط منافع = کل منافع / سالوں کی تعداد = $\frac{\text{Rs.}1,36,000+\text{Rs.}1,54,000+\text{Rs.}1,00,000}{3}$

$= \frac{3,90,000}{3} = 1,30,000$ روپے

چمپک کا حصہ منافع = $1,30,000 \times \frac{3\text{ ماہ}}{12\text{ ماہ}} \times \frac{4}{10}$

$= 13,000$ روپے

لیکن اگر، معاہدہ یہ ہو کہ مرحوم شراکت دار کا حصہ منافع فروخت کی بنیاد پر معلوم کیا جائے گا اور مذکورہ فروخت سال 16-2015 کے دوران 80,000 روپے اور 1 اپریل 2016 تا 30 جون 2016 فروخت 1,50,000 ہو تب چمپک کے حصہ منافع کا شمار (1 اپریل 2016 تا 30 جون 2016) حسب ذیل طرح سے کیا جائے گا۔

اگر فروخت 8,00,000 روپے ہے، تب منافع = 1,00,000 روپے

اگر فروخت 1 روپیہ ہے، تب منافع = $\frac{1,00,000}{8,00,000}$ روپے

اگر فروخت 1,50,000 روپے ہے، تب منافع = $\frac{1,00,000}{8,00,000} \times 1,50,000$

© NCERT Not to be Republished

چمپک کا حصہ منافع =18,750 روپے

=7,500 روپے

روزنامچہ اندراج حسب ذیل ہوگا۔

**نفع اور نقصان**

Profit and Loss (Suspenses) A/c Dr.

To Deceased Partner's Capital A/c

(متعلقہ مدت کے لیے منافع کا حصہ)

© NCERT Not to be Republished

## مثال 18

انل، بھانو اور چندو 5:3:2 کے تناسب سے نفع نقصان میں حصہ تھے 31 مارچ 2017 کو ان کی بیلنس شیٹ حسب ذیل تھی۔

### انل، بھانو اور چندو کی کتابیں
### 31 مارچ 2017 کو بیلنس شیٹ

| ذمہ داریاں | | رقم(روپیے) | اثاثے | رقم(روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| دینداران | | 11,000 | عمارتیں | 20,000 |
| رزروفنڈ | | 6,000 | مشینری | 30,000 |
| انل کا سرمایہ | 30,000 | | اسٹاک | 10,000 |
| شانو کا سرمایہ | 25,000 | | پیٹنس | 11,000 |
| چندو کا سرمایہ | 15,000 | 70,000 | لیندارن | 8,000 |
| | | | نقد | 8,000 |
| | | **87,000** | | **87,000** |

1، اکتوبر 2017 کو انل کی وفات ہوگئی۔ اس کے وارثین اور باقی ماندہ شراکت داروں میں اتفاق ہوا کہ:

(a) ساکھ کی قدر گذشتہ چار برسوں کے اوسط منافعوں کی $2\frac{1}{2}$ سال کی خریداری پر آنکی جائے گی۔ گذشتہ چار برسوں کے منافع تھے:

سال 14-2013----13000 روپیہ، سال 15-2014----12000 روپیہ سال ----20000

16-2015 روپیہ، سال 17-2016——15000 روپیہ۔

(b) پیٹنٹ کی قدر 8000 روپیہ، مشینری کی قدر 28000 روپیہ اور بلڈنگ کی قدر 25000 روپیہ ہے۔

(c) سال 18-2017 کے منافع کے لیے قیاس کیا جائے گا کہ یہ اسی شرح پر ہوتا جیسا کہ گذشتہ برس ہوا تھا۔

(d) سرمائے پر 10% سالانہ کی شرح سے سود دیا جائے گا۔

(e) انل کو واجب رقم کا آدھا فوری طور پر ادا کیا جائے گا۔

1 اکتوبر کو انل کا سرمایہ کھاتہ اور انل کے وصی کا کھاتہ تیار کیجیے۔

## حل:

### انل، بھانو اور چندو کی کتابیں

نام (Dr.) | جمع (Cr.)

| تاریخ 2017 | تفصیلات | لیجر | رقم (روپیے) | تاریخ 2012 | تفصیلات | لیجر | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1/ اکتوبر | انل کا وارث | | 57,000 | 1 اپریل | نیچے لایا گیا بیلنس/ باقی | | 30,000 |
| | | | | 17 | رزروفنڈ | | 3,000 |
| | | | | 1 اکتوبر | بھانو کا سرمایہ | | 11,250 |
| | | | | 17 | چندو کا سرمایہ | | 7,500 |
| | | | | | نفع اور نقصان (سسپنس) | | 3,750 |
| | | | | | سرمایہ پر سود | | 1,500 |
| | | | **57,000** | | | | **57,000** |

© NCERT Not to be Republished

## انل کے وصی (ایگزی کیوٹر) کا کھاتہ

نام(.Dr) | جمع(.Cr)

| تاریخ 2017 | تفصیلات | لیجر | رقم(روپیے) | تاریخ | تفصیلات | لیجر | رقم(روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1/اکتوبر | بینک | | 28,500 | 1 اکتوبر 2017 | انل کا سرمایہ | | 57,000 |
| | لایا گیا بیلنس/باقی | | 28,500 | | | | |
| | | | **57,000** | | | | **57,000** |

اشارات عمل(ورکنگ نوٹس)

1۔ **ازسرنوقدراندازی کھاتہ**

نام(.Dr) | جمع(.Cr)

| تاریخ | تفصیلات | لیجر | رقم(روپیے) | تاریخ | تفصیلات | لیجر | رقم(روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | پیٹینٹ | | 3,000 | | عمارت | | 5,000 |
| | مشینری | | 2,000 | | | | |
| | | | **5,000** | | | | **5,000** |

2۔ ساکھ= سال کی خریداری×اوسط منافع

اوسط منافع $= \frac{13,000 + 12,000 + 20,000 + 15,000}{4}$

$= \frac{60,000}{4}$ روپے = 15,000 روپے

ساکھ $= \frac{5}{2} \times 15,000$

= 37,500 روپے

انل کا حصہ ساکھ $= \frac{5}{10} \times 37,500$

= 18,750 روپے

© NCERT Not to be Republished

3۔ منافع گذشتہ بیلنس شیٹ کی تاریخ سے موت کی تاریخ تک

(1، اپریل 2017 تا 1 اکتوبر 2017)=6 مہینے

6 ماہ کے لیے منافع= $15,000 \times \frac{6}{12}$ = 7,500 روپے

انل کا حصہ منافع = $7,500 \times \frac{5}{10}$ = 3,750 روپے

4۔ سرمائے پر سود (1 اپریل 2017 تا 1 اکتوبر 2017)

= 30,000 روپے $\times \frac{6}{12} \times \frac{10}{100}$

= 1,500 روپے

## مثال 19

موہت، سوہن اور راہل 2:2:1 کے تناسب سے نفع نقصان میں حصہ دار ہیں 31 مارچ 2017 کو ان کی بیلنس شیٹ کو دی گئی ہے۔

© NCERT Not to be Republished

### موہت، سوہن اور راہل کی کتابیں
### 31 مارچ 2017 کو بیلنس شیٹ

| ذمہ داریاں | | رقم (روپیے) | اثاثے | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| دینداران | | 40,000 | ساکھ | 30,000 |
| رزرو فنڈ | | 25,000 | قائم اثاثے | 60,000 |
| سرمایہ: | | | اسٹاک | 10,000 |
| موہت | 30000 | | متفرق لینداران | 20,000 |
| سوہن | 25000 | | نقد در بینک | 15,000 |
| راہل | 15000 | **1,35,000** | | **1,35,000** |

15 جون 2017 کو سوہن کی وفات ہوگئی۔ شراکت نامہ کی رو سے اس کے قانونی نمائندگان حسب ذیل کے مستحق ہیں:

1۔ سرمایہ کھاتہ میں باقی:

2۔ گذشتہ چار برسوں کے اوسط منافع کے تین گنے کی بنیاد پر جانچی گئی ساکھ کے حصہ۔

3۔ گذشتہ چار برسوں کیا وسط منافع کی بنیاد پر وفات کی تاریخ تک منافع میں حصہ۔

4۔ %12 سالانہ کی شرح سے سرمائے پر سود۔

سال آخر 31 مارچ 2017، 2016، 2015، 2014 کو بالترتیب منافع بالترتیب 15,000 روپے، 17,000 روپے، 19,000 روپے، اور 13,000 تھے۔

فرم نے 1,25,000 روپے کی ایک مشترک زندگی پالیسی لی تھی جس کا سالانہ پریمیم ہر سال نفع نقصان کھاتے سے چارج کیا جا رہا تھا۔

سوہن کے قانونی نمائندگان کو واجب رقم کی ادائیگی کی جانی تھی۔ موہت اور راہل نے سوہن کے حصہ کو مساوی طور پر وصول کر کے شراکت داری جاری رکھی۔ سوہن کے قانونی نمائندگان کو واجب الادا رقم معلوم کیجیے۔

## حل:

### موہت، سوہن اور راہل کی کتابیں

### سوہن کا سرمایہ کھاتہ

نام (.Dr) جمع (.Cr)

| تاریخ | تفصیلات | لیجر | رقم (روپیے) | تاریخ 2017 | تفصیلات | لیجر | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | ساکھ | | 12,000 | 1 اپریل | تفصیلات | | 25,000 |
| | سوہن کا وارث | | 94,158 | 15 جون | نیچے لایا گیا بیلنس/ باقی | | 10.000 |
| | | | | | رزرو فنڈ | | 9,600 |
| | | | | | موہت کا سرمایہ | | 9,600 |
| | | | | | راہل کا سرمایہ | | 1,333 |
| | | | | | نفع اور نقصان (سسپنس) | | |
| | | | | | مشترکہ لائف پالیسی | | 50,000 |
| | | | | | سرمایہ پر سود | | 625 |
| | | | **1,06,158** | | | | **1,06,158** |

© NCERT Not to be Republished

اشاراتِ عمل (ورکنگ نوٹس):

1۔ سوہن کا حصہ ساکھ = فرم کی ساکھ ×

$= 48000$ روپے × $\frac{2}{5}$ × = 19200 روپے

فرم کی ساکھ = 3 × اوسط منافع

$3 \times \frac{2}{5}$ × روپے = 48000 روپے۔

2۔ نفع اور نقصان (مشتبہ/سس پینس)

(گذشتہ بیلنس شیٹ سے وفات کی تاریخ تک منافع کا حصہ) $\frac{64,000}{4} \times 3$ ماہ

$\frac{64,000}{4} \times \frac{2}{5} \times \frac{2.5}{12} = 1333$ روپے

3۔ مشترک زندگی پالیسی (Joint Life Policy) = 125000 روپے

سوہن کا حصہ = 125000 روپے

4۔ سرمائے پر سود = 25000 روپے × $\frac{2.5}{12} \times \frac{12}{100}$ × = 625 روپے

© NCERT Not to be Republished

## اسے خود کیجیے

31 دسمبر 2015 کو پنکی، قریشی اور راکیش کی بیلنس شیٹ حسب ذیل تھی:

### 31 مارچ 2017 کو بیلنس شیٹ

| ذمہ داریاں | | رقم (روپیے) | اثاثے | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| متفرق دیندار ان | | 25,000 | عمارتیں | 26,000 |
| رزروفنڈ | | 20,000 | سرمایہ کاری | 15,000 |
| سرمایہ: | | | لیندار ان | 15,000 |
| پنکی | 15,000 | | قابل وصول بل | 6000 |
| قریشی | 10,000 | | اسٹاک | 12,000 |
| راکیش | 10,000 | 35,000 | نقد | 6,000 |
| | | **80,000** | | **80,000** |

شراکت نامہ کی رو سے تناسب تقسیم منافع 2:1:1 ہے اور شراکت دار کی موت کی صورت میں اس کا وصی حسب ذیل کی ادائیگی کا مستحق ہوگا۔

(a) گذشتہ بیلنس شیٹ کی تاریخ پر اس کے سرمایہ کھاتہ کی جمع (کریڈٹ)

(b) گذشتہ بیلنس شیٹ کی تاریخ پر ریزرو میں اس کا تناسبی حصہ۔

(c) گذشتہ 3 سالوں کے اوسط منافع کی بنیاد پر وفات کی تاریخ تک منافعوں میں اس کا تناسبی حصہ مع 10% ۔اور

(d) بطور ساکھ، گذشتہ تین سالوں کے کل منافع میں اس کا تناسبی حصہ۔گذشتہ تین سالوں کا خالص منافع تھا:

| | روپیے |
|---|---|
| 2013 | 16,000 |
| 2014 | 16,000 |
| 2015 | 15,400 |

1، اپریل 2015 کو راکیش کی وفات ہوگئی۔اس نے اپنی وفات کی تاریخ تک 5000 روپیے کاروبار سے نکالے تھے۔سرمایہ کاری (انویسٹمنٹ) کو اس کی کتابی قدر پر فروخت کردیا گیا۔اور راکیش کے وصی (ایگزی کیوٹر) کو ادائیگی کردی گئی۔راکیش کا سرمایہ کھاتہ اور راکیش کے وصی کھاتہ تیار کیجیے۔

## باب میں متعارف کرائی گئی اصطلاحات

- شراکت دار کی سبکدوشی
- مرحوم شراکت دار کا وصی Executors of Deceased Partner
- شراکت دار کی موت Death of a Partner
- وصی کا کھاتہ Executor's Account
- فائدے کا تناسب Gaining Ratio

## خلاصہ

1۔ نیا تناسب تقسیم منافع: نیا تناسب تقسیم منافع وہ تناسب ہوتا ہے جس میں کسی شراکت دار کی سبکدوشی یا موت کے بعد باقی ماندہ شراکت دار مستقبل کے منافع تقسیم کریں گے۔

رخصت ہوئے شراکت دار سے وصول کیا گیا حصہ — پرانا حصہ = نیا حصہ

2۔ فایدے کا تناسب: وہ تناسب ہے باقی ماندہ شراکت دار سبکدوش ہوئے/مرحوم شراکت دار سے حصہ وصول کر چکے ہیں۔

3۔ ساکھ کا تصفیہ: بنیادی اصول یہ ہے کہ فائدے میں جانے والے شراکت دار اپنے فائدے کی حد تک ایثار کرنے والے شراکت

© NCERT Not to be Republished

دار کو معاوضہ ادا کرتے ہیں۔ یہ ادائیگی ساکھ کے بالترتیب حصہ کے لیے ہوتی ہے۔

اگر کتابوں میں ساکھ پہلے سے دکھائی گئی ہو تب اسے تمام شراکت داروں کے سرمایہ کھاتوں کو ان کے پرانے تناسب تقسیم منافع میں ڈیبٹ کر کے خارج کیا جائے گا۔

4۔ ذمہ داریوں اور اثاثوں کی از سرنو قدر اندازی: شراکت دار کی سبکدوشی/موت کے وقت، چند ایسے اثاثے بھی ہو سکتے ہیں جنھیں اپنی چالو قدروں پر نہیں دکھایا گیا ہو۔ اسی طرح، چند ذمہ داریاں بھی ہوسکتی ہیں جنھیں ان کی اصل دین داری (جو کہ فرم کو ادا کرنی ہے) سے مختلف قدروں پر دکھایا گیا ہو۔ اس کے علاوہ چند غیر مندرج اثاثے اور ذمہ داریاں بھی ہوسکتی ہیں جنھیں درج کیا جاتا ہو۔

5۔ جمع شدہ نفع/نقصانات: ریزرو (جمع شدہ منافعوں) یا نقصانات کا تعلق تمام شراکت داروں سے ہوتا ہے۔ اس لیے انھیں تمام شراکت داروں کے سرمایہ کھاتوں میں منتقل کیا جانا چاہیے۔

6۔ شراکت دار کی سبکدوشی/وفات کے وقت، باقی ماندہ شراکت دار اپنے سرمایوں کو اپنے تناسب تقسیم منافع میں رکھنے کا فیصلہ بھی کر سکتے ہیں۔

© NCERT Not to be Republished

## مشق کے لیے سوالات

### مختصر جوابی سوالات

1۔ وہ کیا مختلف طریقے ہیں جن میں ایک شراکت دار فرم سے سبکدوش ہوسکتا ہے۔

2۔ شراکت دار کی سبکدوشی کے وقت مختلف تسویہ طلب معملات تحریر کیجیے۔

3۔ ایثاری تناسب اور فائدے کے تناسب کے درمیان فرق کیجیے۔

4۔ شراکت دار کی سبکدوشی یا موت پر فرم اثاثوں اور ذمہ داریوں کی از سرنو قدر اندازی کیوں کرتی ہے۔

5۔ سبکدوش ہوا/مرحوم شراکت دار فرم کی ساکھ میں حصہ کا مستحق کیوں ہوتا ہے۔

### طویل جوابی سوالات

1۔ سبکدوش شراکت کو ادائیگی کے طریقوں کی وضاحت کیجیے۔

2۔ آپ مرحوم شراکت دار کو قابل ادا رقم کا شمار کیسے کریں گے۔

3۔ شراکت کی سبکدوشی یا وفات کے وقت ساکھ کے تصفیہ کی وضاحت کیجیے۔

4۔ شراکت دار کی موت پر منافع میں حصہ کو شمار کرنے کے مختلف طریقوں پر بحث کیجیے۔

## عددی سوالات(Numerical Questions)

1۔ اپرنا،منیشا اور سونیا شراکت دار ہیں اور 3:2:1 کے تناسب سے نفع نقصان تقسیم کرتی ہیں۔منیشا سبکدوش ہوتی ہے اور فرم کی ساکھ کی قدر 1,80,000 روپیے جانچی جاتی ہے۔اپرنا اور سونیا نے مستقبل کے منافع کو 3:2 کے تناسب میں تقسیم کرنے کا فیصلہ کیا۔ضروری روزنامچہ اندراجات درج کیجیے(جواب ڈیبٹ اپرنا کا سرمایہ کھاتہ 1,80,000 روپیے سے،ڈیبٹ سونیا کا سرمایہ کھاتہ 42,000 روپیے سے،کریڈٹ منیشا کا سرمایہ کھاتہ 60,000 روپیے سے)

2۔ سنگیتا،سروج اور شانتی 2:3:5 کے تناسب سے نفع نقصان میں حصہ دار ہیں۔کتابوں میں ساکھ کی قدر 60,000 روپیے دکھائی جارہی ہے۔سنگیتا سبکدوش ہوتی ہے اور ساکھ کی قدر 90,000 روپیے جانچی جاتی ہے۔سروج اور شانتی نے مستقبل کے منافعوں کو مساوی طور پر تقسیم کرنے کا فیصلہ کیا،ضروری روزنامچہ اندراجات درج کیجیے۔

3۔ ہمانشو،گگن اور نمن 3:2:1 کے تناسب سے نفع نقصان میں حصہ دار ہیں 31 مارچ 2017 کو نمن سبکدوش ہوتا ہے۔مذکورہ تاریخ پر فرم کے مختلف اثاثے اور ذمہ داریاں حسب ذیل ہیں:

نقد 10,000 روپیے،بلڈنگ 1,00,000 روپیے،پلانٹ اور مشینری 40,000 روپیے،اسٹاک 20,000 روپیے، قرض دار 20,000 روپیے اور سرمایہ کاری(انویسٹ منٹ)30,000 روپیے۔

نمن کی سبکدوشی پر شراکت داروں کے درمیان حسب ذیل پر اتفاق ہوا۔

(i) بلڈنگ میں 20% بیش قدری

(ii) پلانٹ اور مشینری میں 10% کم قدری

(iii) قرض داروں پر ڈوبے اور مشکوک قرضوں کے لیے 5% محفوظ تخلیق کرنا ہے۔

(iv) اسٹاک کی قدر 18,000 روپیے اور سرمایہ کاری کی قدر 35,000 روپیے جانچی گئی۔

مندرجہ بالا کے لیے ضروری روزنامچہ اندراجات درج کیجیے اور ازسرنو قدر اندازی کھاتہ تیار کیجیے۔

4۔ نریش،راج کمار اور بشواجیت مساوی شراکت دار ہیں۔راج کمار نے سبکدوش ہونے کا فیصلہ کیا۔اس کی سبکدوشی کی تاریخ پر،فرم کی بیلنس شیٹ حسب ذیل کا اظہار کرتی ہے:

© NCERT Not to be Republished

عمومی ریزرو 36,000 روپیے، اور نفع اور نقصان کھاتہ (ڈیبٹ) 15,000 روپیے۔

مندرجہ بالا کے لیے ضروری روزنامچہ اندراجات درج کیجیے۔

5۔ دگ وجے، برجیش اور پراکرم ایک فرم میں 2:2:1 کے تناسب سے نفع نقصان میں حصہ دار ہیں۔ 31 مارچ 2017 کو ان کی بیلنس شیٹ حسب ذیل تھی۔

| ذمہ داریاں | رقم (روپیے) | اثاثے | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|
| دینداران | 49,000 | نقد | 8,000 |
| رزرو | 18,500 | لینداران | 19,000 |
| دگوجے کا سرمایہ | 82,000 | اسٹاک | 42,000 |
| برجیش کا سرمایہ | 60,000 | عمارتیں | 2,07,000 |
| پراکرم کا سرمایہ | 75,500 | پیٹنٹ | 9,000 |
| | **2,85,000** | | **2,85,000** |

© NCERT Not to be Republished

31 مارچ 2017 کو برجیش حسب ذیل شرائط پر سبکدوش ہو گیا:

(i) فرم کی ساکھ کی قدر 70000 روپیے جانچی گئی اور کتابوں میں اس کا اظہار نہیں کیا جانا تھا۔

(ii) 2000 روپیے کے دوبے قرضات کو خارج کیا جانا تھا۔

(iii) پیٹنٹ کی قدر کچھ نہیں رہ گئی تھی۔ لہٰذا ان کی قدر کو صفر خیال کیا جانا تھا۔

از سر نو قدر اندازی کھاتہ، شراکت داروں کے سرمایہ کھاتے اور برجیش کی سبکدوشی کے بعد دگ وجے اور پراکرم کی بیلنس شیٹ تیار کیجیے۔

(جواب: از سر نو قدر اندازی پر نقصان 11,000 روپیے، سرمایہ کھاتوں کی باقی: دگ وجے 66333 روپیے اور پراکرم 67667 روپیے۔ بیلنس شیٹ کا میزان 274000 روپیے)

6۔ رادھا، شیلا اور مینا 3:2:1 کے تناسب سے نفع نقصان میں حصہ دار تھیں 1 اپریل 2017 کو شیلا فرم سے سبکدوش ہوتی ہے مذکورہ تاریخ پر بیلنس شیٹ درج ذیل ہے:

| ذمہ داریاں | | رقم(روپیے) | اثاثے | رقم(روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| تجارتی دیند اران | | 3,000 | نقد بدست | 1,500 |
| قابل ادا بل | | 4,500 | بینک میں نقد | 7,500 |
| اپنے خرچے | | 4,500 | لیند اران | 15,000 |
| عام رزرو | | 13,500 | اسٹاک | 12,000 |
| سرمایہ: | | | کارخانہ کا میدان | 22,500 |
| رادھا | 15,000 | | مشینری | 8,000 |
| شیلا | 15,000 | | کل پرزے | 4,000 |
| مینا | 15,000 | 45,000 | | |
| | | **70,500** | | **70,500** |

© NCERT Not to be Republished

شرائط تھیں:

a) فرم کی ساکھ کی قدر 13,500 روپیے جانچی گئی۔

b) واجب الادا اخراجات (Expense owing) کو گھٹا کر 3,750 روپیے تک کرنا ہے۔

c) مشینری اور ٹولس کو ان کی کتابی قدر سے 10% کم قدر پر آنکا جانا ہے۔

d) فیکٹری پریمائسیس کی ازسرنو قدر 24,300 روپیے ہے۔

تیار کیجیے:

1۔ ازسرنو کھاتہ

2۔ شراکت داروں کے سرمایہ کھاتے

3۔ شیلا کی سبکدوشی کے بعد فرم کی بیلنس شیٹ

(**جواب** ازسرنو قدر اندازی پر منافع 1350 روپیے، سرمایہ کھاتوں کی باقی: رادھا 19,050 روپیے، اور مینا 16,350 روپیے، بیلنس شیٹ کا میزان 71,000 روپیے)

7۔ پنکج، نریش اور سہاش 3:2:1 کے تناسب سے نفع نقصان میں حصہ دار ہیں۔ نریش اپنی بیماری کے باعث فرم سے سبکدوش ہو گیا۔ اس تاریخ پر فرم کی بیلنس شیٹ حسب ذیل تھی:

## پنکج، نریش اور سہاش کی کتابیں
## 31 مارچ 2017 کو بیلنس شیٹ

| ذمہ داریاں | | رقم (روپیے) | اثاثے | | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|
| عام رزرو | | 12,000 | بینک | | 7,600 |
| متفرق دینداران | | 15,000 | لینداران | 6,000 | |
| قابل ادا بل | | 12,000 | گھٹا (–) مشکوک قرض کے لیے | 400 | |
| بقیہ تنخواہ | | 2,200 | اسٹاک | | 9,000 |
| قانونی نقصانات کے لیے پروویژن | | 6,000 | فرنیچر | | 41,000 |
| سرمایہ: | | | میدان | | 80,000 |
| پنکج | 46,000 | | | | |
| نریش | 30,000 | | | | |
| سہاش | 20,000 | 96,000 | | | |
| | | **1,43,200** | | | **1,43,200** |

© NCERT Not to be Republished

مزید معلومات

(i) پریمائسیس (Premises) میں 20% بیش قدری، اسٹاک میں 10% کم قدری، قرضداروں پر 5% محفوظ برائے مشکوک قرضات تخلیق کرنا ہے۔ مزید برآں، 1,200 روپیے کا محفوظ برائے قانونی اخراجات بنانا ہے اور فرنیچر کی قدر کو بڑھا کر 45,000 روپیے کرنا ہے۔

(ii) فرم کی ساکھ 42,000 روپیے قدر پر آنکی گئی۔

(iii) نریش کے سرمایہ کھاتہ سے 26,000 روپیے اس کے قرض کھاتہ میں منتقل کرنے ہیں اور بقیہ کی ادائیگی بنک کے ذریعہ کرنی ہے اور اگر ضرورت پڑے تب ایسی صورت میں بنک سے ضروری قرض بھی حاصل کیا جا سکتا ہے۔

(iv) پنکج اور سہاش کے درمیان نیا تناسب تقسیم منافع 5:1 طے پایا۔

ضروری لیجر کھاتے اور نریش کی سبکدوشی کے بعد نریش کی بیلنس شیٹ دیجیے۔

(جواب: ازسرنو قدر اندازی پر منافع 18,000 روپیے، پنکج کے سرمایہ کھاتے کی باقی 47,000 روپیے اور سبھاش کے سرمایہ کھاتہ کی باقی 25,000)

(نریش کے کھاتے میں جمع (کریڈٹ) کل رقم = 54000 روپیے، بیلنس شیٹ کا میزان = 154800)

8۔ پرتیک، پنکج اور پمی کاروبار میں بالترتیب 2:2:1 کے تناسب سے حصہ دار ہیں۔ 2017 کو ان کی بیلنس شیٹ حسب ذیل تھی۔

## پرتیک، پنکج اور پمی کی کتابیں
## 31 مارچ 2017 کو بیلنس شیٹ

| ذمہ داریاں | | رقم (روپیے) | اثاثے | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| متفرق دینداران | | 1,00,000 | بینک میں نقد | 20,000 |
| سرمایہ کے کھاتے | | | اسٹاک | 30,000 |
| پنیت | 60,000 | | متفرق لینداران | 80,000 |
| پنکج | 1,00,000 | | سرمایہ کاری | 70,000 |
| پمی | 40,000 | 2,00,000 | فرنیچر | 35,000 |
| رزرو | | 50,000 | عمارتیں | 1,15,000 |
| | | **3,50,000** | | **3,50,000** |

© NCERT Not to be Republished

30 ستمبر 2017 کو پمی کی وفات ہوگئی۔ شراکت نامہ کی دفعات حسب ذیل تھیں:

(i) مرحوم شراکت دار وفات کی تاریخ تک منافع میں اپنے حصہ کا مستحق ہوگا اور یہ حصہ گذشتہ سال کے منافع کی بنیاد پر شمار کیا جائے گا۔

(ii) وہ فرم کی ساکھ میں اپنے حصہ کا مستحق ہوگا جسے گذشتہ 4 برسوں کے اوسط منافع کی تین سال کی خریدار کی بنیاد پر شمار کیا جائے گا۔

گذشتہ 4 مالی سالوں کا منافع درج ذیل ہے:

2013-14 کے لیے 80,000 روپیے، 2014-15 کے لیے 50,000 روپیے، 2015-16 کے لیے 40,000 روپیے اور 2016-17 کے لیے 30,000 روپیے۔

موت کی تاریخ تک مرحوم شراکت دار نے فرم سے 10,000 روپیے کی رقم نکالی تھی۔ سرمائے پر 12% سالانہ کی شرح سے سود دیا جائے گا۔ باقی ماندہ شراکت داروں کے مابین طے پایا کہ مرحوم شراکت دار کے وصی کو 15,400 روپیے فوری طور پر ادا

کردیے جائیں گے اور بقیہ رقم چار مساوی سالانہ قسطوں میں، واجب الادا رقم پر %12 سالانہ کے ہمراہ ادا کی جائے گی۔
پمی کا سرمایہ کھاتہ، اور واجب الادا رقم کے نبٹارے تک اس کے وصدی کا کھاتہ دکھایئے۔
(جواب: کل واجب رقم: 75400 روپیے)

9۔ 31 مارچ 2015 کو پراتیک، روکی اور کوشال کی بیلنس شیٹ حسب ذیل ہے:

**پرتیک، روکی اور کوشال کی کتابیں**

**31 مارچ 2017 کو بیلنس شیٹ**

| ذمہ داریاں | | رقم (روپیے) | اثاثے | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| متفرق دینداران | | 16,000 | قابل وصول بل | 16,000 |
| عام رزرو | | 16,000 | فرنیچر | 22,600 |
| سرمایہ کے کھاتہ: | | | اسٹاک | 20,400 |
| پرتیک | 30,000 | | متفرق لینداران | 22,000 |
| راکی | 20,000 | | بینک میں نقد | 18,000 |
| کشل | 20,000 | 70,000 | بقد بدست | 3,000 |
| | | **1,02,000** | | **1,02,000** |

30 جون 2015 کو روکی کی وفات ہوگئی؛ شراکت نامہ کی دفعات کے تحت، مرحوم شراکت دار کا وصی حسب ذیل کا مستحق تھا:
(a) شراکت دار کے سرمایہ کھاتہ کی جمع (کریڈٹ) رقم۔
(b) سرمائے پر %5 سالانہ سود۔
(c) گذشتہ تین سالوں کے اوسط منافع کے دوگنے کی بنیاد پر ساکھ کا حصہ۔
(d) گذشتہ مالی سالی اختتامی تاریخ سے وفات کی تاریخ تک، پچھلے سال کے منافع کی بنیاد پر منافع کا حصہ۔

سال آخر 31 مارچ 2013، 31 مارچ 2014 اور 31 مارچ 2015 کا بالترتیب
منافع 12,000 روپیے، 16,000 روپیے، اور 14,000 روپیے تھے۔ منافع سرمائے کے تناسب میں تقسیم کیے جاتے تھے۔
ضروری روزنامچہ اندراجات کیجیے اور روکی کا سرمایہ کھاتہ تیار کیجیے جو کہ اس کے وصی کو سپرد کیا جائیگا۔

© NCERT Not to be Republished

(جواب: دوکی کے وصی کا کھاتہ: 33,821 روپیے)

10۔ نارنگ، سوری اور بجاج ایک فرم میں بالترتیب 1/2، 1/6 اور 1/3 کے تناسب سے حصہ دار ہیں۔ 1 اپریل 2015 کو بیلنس شیٹ حسب ذیل تھی۔

## سوری اور بجاج کی کتابیں

## 1 اپریل 2015 کو بیلنس شیٹ

| ذمہ داریاں | | رقم (روپیے) | اثاثے | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| قابل ادابل | | 12,000 | Free hold Premises | 40,000 |
| متفرق دینداران | | 18,000 | مشینری | 30,000 |
| رزرو | | 12,000 | فرنیچر | 12,000 |
| سرمایہ کے کھاتے: | | | اسٹاک | 22,000 |
| نارنگ | 30,000 | | متفرق لینداران | |
| سوری | 20,000 | | گھٹا(–): خراب قرض کے لیے محفوظ | 19,000 |
| بجاج | 28,000 | | نقد | 7,000 |
| | | **1,30,000** | | **1,30,000** |

© NCERT Not to be Republished

بجاج کاروبار سے سبکدوش ہوتا ہے اور شراکت داروں کے درمیان حسب ذیل طے پاتا ہے۔

(a) فری ہولڈ پری مائی سیس (Free Hold Premises) اور اسٹاک میں بالترتیب 20% اور 15% بیش قدری۔

(b) مشینری اور فرنیچر میں بالترتیب 10% اور 7% کم قدری۔

(c) ڈوبے قرضات کے لیے ریزرو کو 1500 روپیے تک بڑھانا ہے۔

(d) بجاج کی سبکدوشی پر ساکھ کی قدر 21,000 روپیے جانچی گئی۔

(e) باقی ماندہ شراکت داروں کے درمیان طے پایا کہ وہ بجاج کی سبکدوشی کے بعد اپنے سرمایہ کھاتوں کا تسویہ اپنے نئے تناسب تقسیم منافع میں کریں گے۔ ان کے سرمایہ کھاتوں میں اگر کوئی اضافہ/خسارہ ہوگا تو اس کا تسویہ چالو کھاتوں کے ذریعہ کیا جائے گا۔

ضروری لیجر کھاتے تیار کیجیے اور تشکیل نوشدہ فرم کی بیلنس شیٹ بنایئے۔

(جواب: ازسرنو قدر اندازی پر منافع 6,960 روپیے، نارنگ کے سرمایہ کھاتہ میں باقی 49,230 روپیے اور سوری کے 16,410 روپیے؛ بجاج کے سرمایہ کھاتہ میں جمع (کریڈٹ) رقم 41,320 روپیے)

11۔ راجیش، پرمود اور نشانت اپنے سرمایوں کے تناسب سے نفع نقصان میں حصہ تھے 31 مارچ 2015 کو ان کی بیلنس شیٹ حسب ذیل تھی۔

## راجیش، پرمود اور نشانت کی کتابیں
## 31 مارچ 2015 کو بیلنس شیٹ

| ذمہ داریاں | | رقم (روپیے) | اثاثے | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| قابل ادا بل | | 6,250 | کارخانہ عمارت | 12,000 |
| متفرق دینداران | | 10,000 | لینداران | |
| رزرو فنڈ | | 2,750 | گھٹا(–): رزرو | |
| سرمایہ کھاتے: | | | قابل وصول بل | 7,000 |
| راجیش | 20,000 | | اسٹاک | 15,500 |
| پرمود | 15,000 | | پلانٹ اور مشینری | 11,500 |
| نشانت | 15,000 | 50,000 | بینک بیلنس | 13,000 |
| | | **69,000** | | **69,000** |

© NCERT Not to be Republished

پرمود بیلنس شیٹ کی تاریخ پر سبکدوش ہو گیا اور مندرجہ ذیل تسویات کی گئیں:

(a) اسٹاک کی قدر کتابی قدر سے 10% کم پر آنکی گئی۔

(b) فیکٹری کی قدر کو 12% زیادہ کیا گیا۔

(c) ڈوبے ہوئے قرضوں کے لیے ریزرو کو 5% تک تخلیق کرنا ہے۔

(d) قانونی اخراجات کے لیے 265 روپیے کا ریزرو بنانا ہے۔

(e) فرم کی ساکھ 10,000 روپیے پر مقرر ہوگی۔

(f) نئی فرم کا سرمایہ 30,000 روپیے پر مقرر ہوگا۔ باقی ماندہ شراکت دار 3:2 کے نئے تناسب تقسیم منافع میں اپنے سرمایوں کو رکھنے کا فیصلہ کرتے ہیں۔

روزنامچہ اندراجات کیجیے اور پرمود کے سرمایہ کھاتہ کی باقی کو اس کے قرض کھاتہ میں منتقل کرنے کے بعد تشکیل نو شدہ فرم کی بیلنس شیٹ تیار کیجیے۔

(جواب: از سرنو قدر اندازی پر نقصان 400 روپیے؛ راجیش کے سرمایہ کھاتہ میں باقی 18,940 روپیے اور نشانت کے 14,705 روپیے، پرمود کا قرض 18,705 روپیے۔ بیلنس شیٹ کا میزان = 65,200 روپیے)

12۔ 31 مارچ 2016 کو جین، گپتا اور ملک کی بیلنس شیٹ حسب ذیل ہے۔

**جین، گپتا اور ملک کی کتابیں**

**31 مارچ 2016 کو بیلنس شیٹ**

| ذمہ داریاں | | رقم (روپیے) | اثاثے | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| متفرق دینداران | | 19,800 | زمین اور عمارتیں | 26,000 |
| ٹیلی فون کے بقیہ بل | | 300 | بانڈس | 14,370 |
| | | | نقد | 5,500 |
| قابل ادا اکاؤنٹ | | 8,950 | قابل وصول بل | 23,450 |
| یکجا منافع | | 16,750 | متفرق لینداران | 26,700 |
| سرمایہ: | | | اسٹاک | 18,100 |
| جین | 40,000 | | دفتری فرنیچر | 18,250 |
| گپتا | 60,000 | | پلانٹ اور مشینری | 20,230 |
| ملک | 20,000 | 1,20,000 | کمپیوٹرس | 13,200 |
| | | **1,65,800** | | **1,65,800** |

© NCERT Not to be Republished

شراکت دار 5:3:2 کے تناسب سے نفع نقصان میں حصہ دار تھے۔ 1 اپریل 2002 کو ملک نے کاروبار سے سبکدوش ہونے کا فیصلہ کیا۔ اس کا حصہ اثاثوں اور ذمہ داریوں کی از سرنو قدر اندازی کی مندرجہ ذیل شرائط پر شمار کیا جانا ہے: اسٹاک 20,000 روپیے، آف فرنیچر 14,250 روپیے، پلانٹ اور مشینری 23,530 روپیے، اراضی و عمارت (Land&Building) 20,000 روپیے۔

مشکوک قرضات کے لیے 1,700 روپیے کا محفوظ تخلیق کیا جانا ہے۔ فرم کی قدر 9,000 روپیے آنکی گئی۔

باقی ماندہ شراکت داروں نے طے کیا کہ ملک کو سبکدوشی پر 16,500 روپیے نقد ادا کیے جائیں گے۔ باقی ماندہ شراکت دار اس

رقم کو3:2 کے تناسب میں لائیں گے۔ ملک کے سرمایہ کھاتہ کی باقی کو قرض مانا جائے گا۔

ازسرنو قدر اندازی کھاتہ، سرمایہ کھاتے اور تشکیل نو شدہ فرم کی بیلنس شیٹ تیار کیجیے۔

13۔ آرتی، بھارتی اور سیما شراکت دار ہیں اور 3:2:1 کے تناسب میں نفع نقصان کو تقسیم کرتی ہیں 31 مارچ 2016 کو ان کی بیلنس شیٹ حسب ذیل تھی۔

## آرتی، بھارتی اور سیما کی کتابیں

## 31 مارچ 2016 کو بیلنس شیٹ 1 اپریل 2016 کو بیلنس شیٹ

| ذمہ داریاں | | رقم (روپیے) | اثاثے | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| قابل ادا بل | | 12,000 | عمارتیں | 21,000 |
| دینداران | | 14,000 | نقدی ہاتھ میں | 12,000 |
| عام رزرو | | 12,000 | بینک | 13,700 |
| سرمایہ: | | | لینداران | 12,000 |
| آرتی | 20,000 | | قابل وصول بل | 4,300 |
| بھارت | 12,000 | | اسٹاک | 1,750 |
| سیما | 8,000 | 40,000 | سرمایہ کاری | 13,250 |
| | | **78,000** | | **78,000** |

© NCERT Not to be Republished

بھارتی کی 12 جون 2016 کو وفات ہوگئی اور اس کے شراکت نامہ کے مطابق اسے وصی حسب ذیل کی ادائیگی کے مستحق ہیں۔

(a) اس کی وفات کے وقت اس کے سرمایہ کھاتہ کی جمع (کریڈٹ) اور اس پر 10% سالانہ شرح سے سود۔

(b) ریزرو فنڈ میں اس کا تناسبی حصہ۔

(c) متعلقہ مدت کے لیے اس کا منافع کا حصہ اس مدت کے دوران فروخت پر مبنی ہوگا۔ جو کہ 1,00,000 روپے کی شمار کی گئیں تھیں گذشتہ تین سالوں کے دوران منافع کی شرح فروخت پر 10% رہی تھی۔

(d) ساکھ کا شمار اس کے منافع کے حصہ کے مطابق گذشتہ تین برسوں کے اوسط منافع کو دوگنا کرکے اور اس میں 20% کی کمی کرتے ہوئے کیا جائے گا۔ گذشتہ سالوں کے منافع تھے:

2013——8,200روپے

2014——9,000روپے

2015——9,800روپے

سرمایہ کاری (انویسٹ منٹ) 16,200 روپیے کی فروخت کی گئیں اور اس کے وصی کو ادائیگی کردی گئی۔ ضروری روزنامچہ اندراجات درج کیجیے اور بھارتی کے وصی کا کھاتہ تیار کیجیے۔

14۔ نتھیا، ستھیا اور متھیا 5:3:2 کے تناسب سے نفع نقصان میں حصہ دار ہیں 31 مارچ 2015 کو ان کی بیلنس شیٹ حسب ذیل تھی؛

**نتھیا، ستھیا اور متھیا کی کتابیں**

**31 دسمبر 2015 کو بیلنس شیٹ**

| ذمہ داریاں | | رقم (روپیے) | اثاثے | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| دینداران | | 14,000 | سرمایہ کاری | 10,000 |
| رزروفنڈ | | 6,000 | ساکھ | 5,000 |
| سرمایہ: | | | میدان | 20,000 |
| نتھیہ | 30,000 | | پیٹنٹ | 6,000 |
| ستھیہ | 30,000 | | مشینری | 30,000 |
| متھیہ | 20,000 | | اسٹاک | 13,000 |
| | | | لیندااران | 8,000 |
| | | | بینک | 8,000 |
| | | **1,00,000** | | **1,00,000** |

© NCERT Not to be Republished

1/اگست 2015 کو متھیا کی وفات ہوتی ہے۔ متھیا کے وصی اور شراکت داروں کے درمیان طے پاتا ہے کہ:

(a) ساکھ کی قدر گذشتہ چار برسوں کے اوسط منافعوں کے $2\frac{1}{2}$ گنا پر جانچی جائے گی۔ چار برسوں کے منافع تھے: 2012 میں 13,000 روپیے؛ 2014 میں 12,000 روپیے، 2015 میں 16,000 روپیے اور 2016 میں 15,000 روپیے۔

(b) پیٹنٹ کی قدر 8,000 روپیے، مشینری کی قدر 25,000 روپیے جانچی جاتی ہے۔

(c) متھیا کے منافع کا حصہ 15-2014 کے منافع کی بنیاد پر شمار کیا جانا چاہیے۔

(d) 4,200 روپیے فوری طور پر ادا کیے جائیں گے اور بقیہ 4 مساوی نصف سالانہ قسطوں میں مع 10% سود ادا کیا جائے گا۔

مندرجہ بالا کے اثر کو دکھانے کے لیے ضروری روزنامچہ اندراجات کیجیے اور جب تک کہ مکمل رقم کی ادائیگی نہ ہو جائے وصی کا کھاتہ تیار کیجیے۔ تسویات کا اثر دکھانے کے بعد 1 اگست 2015 کو نتھیا اور ستھیا کی بیلنس شیٹ بھی تیار کیجیے۔

## اپنی فہم کی جانچ کے لیے فہرست

اپنی فہم کی جانچ کیجیے—I

1. (b) 2. (c) 3. (b) 4. (a)

اپنی فہم کی جانچ کیجیے—II

1. (a) 2. (a) 3. (c) 4. (b)

© NCERT Not to be Republished